Presented by: Rana Jabir Abbas

# سوانح
# حضرت ہلال ابنِ نافع علیہ السلام




jabir.abbas@yahoo.com

مصنّف

زبدۃ العلماء سیّد آغا مہدی لکھنوی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں۔

منجانب۔

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۷۸۶

۹۲_۱۱۰

یا صاحب الزماں ادرکنیؑ

DvD Version

# لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

## اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

www.ziaraat.com

NOT FOR COMMERCIAL

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوانح

# حضرت ہلال ابنِ نافع علیہ السّلام

مصنّف

زبدۃ العلماء سیّد آغا مہدی لکھنوی

jabir.abbas@yahoo.com

ناشر

رحمت اللہ بک ایجنسی

بالمقابل بڑا امام بارگاہ، کھارادر، کراچی ۷۴۰۰۰

فون 2431577

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | مصادر و مآخذ | ۴ |
| ۲ | قومی اخبارات کی رائیں | ۶ |
| ۳ | یا دافع یا نافع | ۱۰ |
| ۴ | تحقیق لفظ | ۱۲ |
| ۵ | رویت ہلال میں اسلامی نظریہ | ۱۴ |
| ۶ | پیدائش نافعؒ | ۱۶ |
| ۷ | سلسلۂ نسب | ۱۸ |
| ۸ | ہلال نام رکھنے کا سبب | ۱۹ |
| ۹ | ایک مفید بحث | ۱۹ |
| ۱۰ | بچپن اور تعلیم و تربیت | ۲۱ |
| ۱۱ | اوصاف ذاتی | ۲۱ |
| ۱۲ | تیر اندازی | ۲۱ |
| ۱۳ | پانی پلانا | ۲۱ |
| ۱۴ | صحبت حضرت علیؑ کا فیض | ۲۳ |
| ۱۵ | قصۂ اصحاب اخدود | ۲۴ |
| ۱۶ | واقعاتِ کربلا سے پہلے کی زندگی | ۲۶ |
| ۱۷ | نصرتِ دین کا عزم بالجزم | ۲۸ |
| ۱۸ | لشکرِ حُر کی طرف سے محاصرہ کی پُرفریب کوشش | ۳۰ |
| ۱۹ | لشکرِ حُر کی آمد پر نافعؒ کے تاثرات | ۳۱ |
| ۲۰ | عاشور سے پہلے علمداری کا عہدہ | ۳۲ |
| ۲۱ | روزِ عاشور کی قیامت زا صبح | ۳۴ |
| ۲۲ | نیزہ بازی کا پہلا موقع | ۳۵ |
| ۲۳ | رخصت | ۳۷ |
| ۲۴ | نافع کی جنگ اور رجز | ۳۸ |
| ۲۵ | شہادتِ نافعؒ | ۳۹ |
| ۲۶ | زیارت میں نافعؒ پر سلام | ۴۱ |
| ۲۷ | منظوم سوانح نافعؒ | ۴۲ |


jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas




| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۸ | آغاز سوانح حیات ہلالؑ | ۴۷ |
| ۲۹ | واقعہ کربلا میں شرکت | ۴۷ |
| ۳۰ | ہلالؑ کی آمد | ۴۸ |
| ۳۱ | ہلالؑ کی ذاتی خصوصیات | ۵۰ |
| ۳۲ | شب عاشور | ۵۰ |
| ۳۳ | روایت ہلال بن نافعؑ | ۵۰ |
| ۳۴ | صبح عاشور اور ہلالؑ کا عہد | ۵۴ |
| ۳۵ | ہلالؑ کی جنگ | ۵۴ |
| ۳۶ | دونوں مجاہدوں میں فرق | ۵۶ |
| ۳۷ | رجز ہلالؑ | ۵۷ |
| ۳۸ | شہید کربلاؑ کے غم میں سب سے پہلا مرثیہ | ۵۹ |
| ۳۹ | دشمن کی زبان پر مظلوم کی مدح | ۶۰ |
| ۴۰ | فوج شام سے مجروح امامؑ کی ثناء و صفت | ۶۱ |
| ۴۱ | سیرت ہلالؑ کے سبق آموز پہلو | ۶۴ |
| ۴۲ | نوحہ حضرت زینبؑ اور بھائی کو ہلالؑ کا خطاب | ۶۷ |
| ۴۳ | سر برادر کو ہلال سے کیوں تشبیہ دیا | ۷۰ |
| ۴۴ | منظوم سوانح ہلالؑ | ۷۳ |
| ۴۵ | باب المراثی | ۷۹ |


Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# مصادر و مآخذ

| | | |
|---|---|---|
| اصولِ کافی | ارشاد شیخ مفید | آئینہ تصوف |
| اخبار آفتاب لکھنؤ | بحار الانوار | تاریخ الکامل |
| تاریخ الامم و الملوک | تفسیر سورہ یوسف غزالی | تنقیح المقال (رجال) |
| جلاء العیون | حقائق الایمان | حلیۃ المتقین |
| الحسین از علی جلال حسینی مصری | دمعہ ساکبہ | روضۃ الشہداء کاشفی |
| روضۃ الصفاء | سفینۃ النجات | شہداء کربلا (امامیہ مشن) |
| شہید اسلام | صحیح بخاری | صراح (لغت) |
| صحیح ترمذی | عرائس التیجان ثعلبی | علل الشرائع |
| عیون اخبار رضا | کمال ارتضوی | کنز العمال |
| کاس المساکین | لولوۃ البحرین | لہوف |
| مقتل ابی مخنف | منجم الطالب (لغت) | مجمع البیان |
| مجالس مفجعہ | مجمع البحرین | مفاتیح الغیب |
| مناقب آل ابی طالب | مدینۃ المعاجز | مدارج النبوت |
| مقتل شہاب الدین عاملی | منتخب فی المراثی والخطب | مجموعہ دراہم |
| نور العین ترجمہ ابصار العین | ناسخ التواریخ جلد ششم | نان و حلوا بہاؤ الدین عاملی |

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## ھلال بن نافع رح
## میرے ماں باپ تم پر فدا

یہ معرفتِ الٰہی کے سمندر کا ایک تیراک اور آزادی مذہب کی خاطر مر مٹنے والے شہید کا بھرپور حالِ زندگی ہے جو سولہ برس پہلے ہماری دسویں پیشکش کی صورت میں مدرسۃ الواعظین لکھنؤ میں چھپا اور ہاتھوں ہاتھ ہدیہ ہو کر ہر لحاظ سے قوم نے پسند کیا۔ فقط دو جلدیں دفتر میں رہ گئیں۔

للہ الحمد کہ مؤلف مدظلہ کے اہم اضافہ اور نظرِ ثانی کے بعد پھر حاضرِ خدمت ہے۔ ہلال رح کی شہادت وہ قربانی ہے جس کی نظیر آسانی سے پیش نہیں کی جا سکتی۔ شہدائے کربلا رضوان اللہ علیہم اجمعین میں یہ دو بہادر اور بے بہادر جانبازوں کی سیرت ہے جس کا ایک ایک لفظ پڑھنے کے بعد آپ خود کہیں گے کہ شبِ عاشور کے فضائیہ میں پیاسوں کے کام و دہن سے عقیدت میں ڈوبے ہوئے جو الفاظ نکلے اور عملِ صالح کی صورت میں بلند ہوئے وہ دل کے کانوں سے اب تک سنے جا رہے ہیں۔

زآن تشنگان ہنوز بعیوق میرسد آواز العطش ز بیابان کربلا

ہماری نئی نسلوں کو بچپن ہی سے ان کے سیاسی معاشی سماجی ثقافتی استحکام میں اپنی تاریخ دہرانے کی احتیاج ہے تاکہ وہ ملک کی گرتی ہوئی انسانیت کو تھام سکیں۔ اس ضرورت کو اگر آپ بھی محسوس کریں تو صرف توسیع اشاعت میں آپ کی کوشش سے سلسلہ نشر آگے بڑھ سکتا ہے اور دورِ رفتہ کی پرچھائیاں آئینۂ حال میں نظر آ سکتی ہیں۔ خدائے برتر اس کتابچہ کو مستند تشریح اور مکمل تصویرِ ممدوح قرار دے۔

والسلام

خادمِ ملت سید احمد نقوی

۱۸ ربیع الآخر ۱۳۸۴ھ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# قومی اخبارات کی رائیں

نوشتہ اعظم حسین صاحب مرحوم کربلائی جرنلسٹ المتوفی ۱۹۵۶ء

**ھلال بن نافع**:۔ جناب مولانا سید آغا مہدی صاحب لکھنوی نہایت کوشش سے مفید دینی تالیفات میں مصروف رہتے ہیں۔ موصوف نے حضرات شہدائے کربلا کی سوانحعمریوں کا سلسلہ جاری کر رکھا ہے۔ حضرت علی اصغرؑ، مسلم بن عقیلؑ، حبیب ابن مظاہرؑ، زہیر بن قینؑ، عثمان بن علیؑ، عون بن علیؑ، بریر بن خضیر ہمدانیؑ کے حالات پر مشتمل مجموعے بہت قابلِ قدر ہیں۔ زیرِ نظر سوانح عمری موصوف کے تالیفی سلسلہ کی دسویں کڑی ہے جس میں دو شہیدوں کے حالات درج کیے گئے ہیں۔ ایک نافع بن ہلالؑ دوسرے ہلال بن نافعؑ۔ اوّل الذکر بزرگ حضرت امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کے صحابی تھے اور آخر الذکر حضرت امام حسین علیہ السلام کے اور یہ دونوں ہی اصحاب روزِ عاشور کربلا میں امامِ مظلومؑ پر فدا ہوئے۔ نافع بن ہلالؑ خانوادہ مذحج کے رکن اور ایک سن رسیدہ فرد تھے جو تیراندازی میں بہت مشہور تھے۔ ہلال بن نافعؑ کا تعلق یمن کے قبیلہ بجل سے تھا۔ وہ بہت ہی خوبصورت جوان تھے۔ ان کی نئی نئی شادی ہوئی تھی۔ رفیقہ حیات کے ساتھ کربلا میں وارد ہوئے امامؑ کو نرغۂ اعدا میں گھرا ہوا دیکھا تو فوراً کمر باندھ لی۔ روکنے کے لئے عروس کا ہاتھ دامن تک پہنچا مگر دامن چھڑا کر میدانِ کارزار میں پہنچے اور یہ کہہ کر امامؑ پر جان نثار کر دی۔

جان دی۔ دی ہوئی اسی کی تھی  حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

فاضل مؤلف نے اپنی لکھی ہوئی ہر سوانح عمری کی طرح اس میں بھی صاحبان سوانح کے کردار سے حاصل ہونے والے خصوصی سبق گنوائے ہیں اور آخر میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اردو مراثی سے چند اشعار بھی نقل کئے ہیں جو ان اصحاب سے متعلق ہیں۔ اس طرح کتاب کی افادیت اور دلچسپی بڑھ گئی ہے افراد قوم سے پرزور سفارش کی جاتی ہے کہ ان کتابوں کی خریداری کر کے ان سے فائدہ اٹھائیں۔

اخبار استقلال لکھنؤ
مورخہ ۲۳ جون ۱۹۵۰ء

سبیل سکینہ
حیدرآباد، سندھ، پاکستان

---

رشحہ کلک خطیب اکبر مولانا سید اولاد حسین صاحب شاعر لکھنوی المتوفی ۱۳۷۷ھ:۔ سوانح عمری بلال بن نافع رح لسان الملت مولانا مولوی سید آغا مہدی صاحب قبلہ مدیر الواعظ کی یہ تازہ تصنیف ہے۔ مولانا اپنے زور بیان اور قلم میں ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ اس تصنیف میں بھی نمایاں ہے۔ یہ بہت بہتر سلسلہ ہے کہ تمام شہداء کے سوانح حیات الگ الگ مرتب ہو جائیں۔ اگرچہ بعض کے حالات اس قدر مختصر ہیں کہ محققین نے چند سطروں پر اور بعض حضرات کے لئے صرف نام پر اکتفا کی ہے۔ بہر طور ماحول میں وسعت پیدا ہو ہی سکتی ہے۔

اخبار سحاب۔ جوہری محلہ لکھنؤ
مورخہ ۱۵ اگست ۱۹۵۰ء

---

شیعہ لاہور:۔ زبدۃ العلماء لسان الملۃ علامہ سید آغا مہدی صاحب لکھنوی نے شہداء کربلا رضوان اللہ علیہم اجمعین کی مختصر مگر جامع و مانع سوانح عمریاں تحریر کر کے عوام سے نہ صرف اُن کا تعارف کرایا ہے بلکہ ہر شہید کی شہادت سے جو سبق ملتا ہے اسے عوام کے لیے کردار و سیرت کو مضبوط بنانے کے سلسلہ میں واضح نشان دہی کر کے ابھارا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



موصوف کی تصنیفات کو ملاحظہ و معائنہ کرنے کے بعد یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ ایک مفکر و مورخ ہی نہیں بلکہ ایسے محقق ہیں جو عملی میدان میں ہر محاذ پر دشمن کو شکست دے سکتے ہیں۔

اخبار شیعہ لاہور یکم مارچ ۱۹۶۵ء

---

اسد لاہور:۔ لسان الملت علامہ سید آغا مہدی صاحب قبلہ صحیح معنوں میں محقق اور مورخ ہیں۔ آپ کی تالیفات ہمارے اس بیان پر مہر تصدیق ثبت کرنے کے لیئے کافی ہیں۔ آپ کے مضامین اخبارات میں بھی بکثرت شایع ہوتے رہتے ہیں اور ناظرین بڑی دلچسپی اور رغبت سے انہیں پڑھتے رہتے ہیں۔ اس لیئے یہ مضامین درحقیقت علمی اور تاریخی اعتبار سے نہایت درجہ محقق اور موثق ہیں۔ ہلال بن نافع و حبیب بن مظاہر علیہ الرحمۃ والرضوان کی یہ سوانح عمری ہے جو ہے تو مختصر لیکن دریا ہے جو کوزہ میں سمو دیا گیا ہے۔ اگرچہ اس کی کتابت و طباعت ہر دو نصیب دشمناں ہونے کی شکایت کرتی ہیں پھر بھی اظہار مطالبہ میں کہیں روک ٹوک نظر نہیں آتی۔

تقریباً دو درجن کتب فریقین سے ماخوذ حالات اس میں جمع کیئے گئے ہیں واقعات کا ربط و تسلسل اور ان میں جاذبیت پیدا کرنا مصنّف کے کمال اور اقتدارِ قلم کی زندہ دلیلیں ہیں۔ ضرور طلب کریں۔ ۲۶ فروری ۱۹۶۵ء

---

رضا کار:۔ مولانا سید آغا مہدی صاحب قبلہ لکھنوی نے شہداء کربلاؑ کی سوانح عمریوں کے سلسلہ میں بڑا مفید کام جاری کر رکھا ہے۔ اس سے پہلے حضرت علی اصغرؑ، مسلم بن عقیلؑ، حبیب بن مظاہرؓ، زہیر بن قینؒ، عثمان بن علیؑ،

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



عون بن علیؑ، بُریر ہمدانیؒ کے حالات پر مشتمل مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ انہوں نے نہایت کاوش، محنت اور پُر از خلوص جذبہ کے ماتحت لکھے ہیں جس کی تعریف نہیں ہو سکتی۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں انہوں نے ۴۵ مشہور کتب تواریخ سے مدد لے کر اس مجموعہ کو مرتب کیا ہے جہاں حوالے کی ضرورت محسوس کی ہے۔ فٹ نوٹ میں اس کی صراحت فرما دی ہے۔ نافعؒ کی بزم حضرت امیرالمومنینؑ میں شرف باریابی، لشکرِ حُرؒ کی آمد پر ممدوح کے تاثرات عہدۂ علم داری، شہادت نافعؒ اور اسی طرح سوانح حیات ہلالؒ ذاتی خصوصیات، میسرہ پر تقرر، جنگ، دونوں مجاہدوں میں فرق، لفظ بجلی کی تحقیق غرض یہ کہ کتنے ہی عنوان قائم کر کے انہوں نے نہایت تحقیق سے یہ حالات لکھے ہیں۔ یہ کتابچہ دو شہدائے کربلا کے حالات پر مشتمل ہے ان میں سے ایک ہلال بن نافع بجلیؒ جو حضرت امام حسینؑ کے صحابی تھے۔ دوسرے نافع ابن ہلالؒ جو حضرت امیرالمومنینؑ کے صحابی تھے۔ فاضل مؤلف نے تحقیق و تنقید کے ان تمام گوشوں کو اجاگر کیا ہے جو ابھی تک تشنۂ تحقیق و تنقید تھے۔ زبان سادہ اور دلکش ہے۔

امید ہے کہ قارئین کرام اس کتاب کی مناسب قدر افزائی کریں گے۔ خود بھی مطالعہ فرمائیں گے، اپنے بچوں کو بھی پڑھائیں گے اور احباب میں بھی اس کی افادیت کا پُر زور پروپیگنڈہ کریں گے تاکہ یہ کتاب زیادہ سے زیادہ مومنین کرام تک پہنچ سکے اور مولانا ممدوح نے جس خلوص اور جذبہ کے ماتحت اسے لکھا ہے اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# یا دافع یا نافع

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کربلا میں جو عربی سورما فاطمہؑ کے لال پر قربان ہو گئے، ان کے ایمان افروز سلسلہ حالات کی دسویں کڑی ہے جو پیش ناظرین ہے۔

صد افسوس کہ حق و صداقت کے علمبردار فوج میں چھ مہینہ کی جان علی اصغرؑ بھی زندہ نہیں تو مظلوموں کی سرگزشت کون بیان کرے۔ ہمارے کان میں جو آج قدما کی آوازیں آ رہی ہیں ان سب کی ترجمان زبان غیر ہے اور اسی کا نتیجہ ہے کہ ان کے نظریات میں اس قدر تناقضات پائے جاتے ہیں کہ صحیح نقطہ پر پہنچنا تائید ایزدی کے بغیر دشوار ہے۔

واقعہ نگاری کوئی مشغلہ تفریح نہیں ہے اگر اس کو کامیابی کے ساتھ کیا جائے تو انسان کو اپنی ساری زندگی اسی کی نذر کر دینی چاہیئے۔ خدا گواہ ہے کہ ۳۶ برس پہلے میں نے جب اس وادی میں پہلے پہل قدم رکھا تو اس موضوع پر نہ کوئی کتاب ملی نہ رسالہ، اسی نے مدد کی اور کام آگے بڑھا۔ تلاش اور جستجو میں میری طرف سے کوتاہی نہیں ہوئی۔ مگر اس کا شکوہ ہے کہ ماحول نے میری صدا ساری قوم تک پہنچنے نہ دی ہے

خون کی سی چیز کر دینا پڑی پانی مجھے
پھر بھی یہ بیداد گر دنیا نہ پہچانی مجھے

جن مضامین سے انسان کی اخلاقی زندگی پر کوئی مفید اثر نہیں پڑتا۔ وہ سب فضول بلکہ ایک حد تک مضرت رساں ہیں۔ میں نے شہدائے کربلا میں ہر شہید کا قیامت زا حال ختم کرتے ہوئے اس کی قربانی سے جو سبق ملتے ہیں۔ ان پر بھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ناظرین کی توجہ مبذول کی اور اسی کے ساتھ ساتھ ہر کتاب کے مقطع سخن میں باب المراثی قرار دیا جسے پڑھ کر عوام سمجھتے ہیں کہ میں کس دعوے کی تائید میں شعر و سخن کو دلیل بنا کر پیش کر رہا ہوں۔ حالانکہ میرا مقصد یہ تھا کہ نظم سے ذوق رکھنے والے اصحاب کی بھی دلچسپی ہو اور اُردو ادب کی غیر فانی خدمت ہو۔ زبان کی تدریجی ترقی کا تعارف حاصل ہونے کے ساتھ شعراء کی خدمات کو باقی رکھا جائے۔

یہ سبق چھٹی صدی کے مفکر اعظم علامہ ابن شہر آشوب کی طرز تحریر سے حاصل ہوا ہے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

فقیر باب اہلبیتؑ

آغا مہدی رضوی

ذی الحجہ ۱۳۶۸ھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# تحقیقِ لفظ

زبان عرب میں ھل ھلا کے معنی آواز بلند کرنے کے ہیں۔ ماہِ نو کو ہلال اسی لئے کہتے ہیں کہ اس کے دیکھنے سے لوگ چیخ اٹھتے ہیں' چاند ہو گیا۔ نام رکھنے میں حضرتِ انسان نے اس فراخ دلی سے کام لیا ہے کہ انسان' حیوان' کتاب' اخبار' قومی ادارے' خاندان جیسے دیکھو وہ اس نام سے مسمّٰی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی بیبیوںؐ میں میمونہ بنت حارث عامریہ ہلالیہؓ' زینب دختر حزیمہ بن حارث ہلالیہؓ شعراء میں' حمید بن ثور ہلالی محتاجِ تعارف نہیں۔ جنابِ امیر المومنین علیہ السلام نے شامی کے جوابِ استفسار میں علم و حکمت کے جو دریا بہائے ہیں۔ اس بصیرت افروز حدیث میں یہ بھی ہے کہ شامی نے جب پوچھا کہ براقِ نبوی کی کیا کنیت ہے؟ تو آپ نے فرمایا ابو ہلال۔ ہمارے مشہور عالم بہاؤ الدین عاملی علیہ الرحمۃ المتوفی سنہ ۱۰۳۰ھ نے دعائے ہلال صحیفہ کاملہ کی شرح لکھی اور نام رکھا الحدیقۃ الہلالیہ۔ مولانا سید باقر مہدی صاحب مرحوم جیرولی افاضل شیعہ میں ایک مقدس عالم تھے۔ انہوں نے اسی دعا کی شرح کی اور نام رکھا "عید کا چاند"۔ جناب تاج العلماء لکھنوی کے مواعظ جونپور کا نام بھی چودھویں رات کا چاند ہے۔ آپ اردو ادب کے پہلے سرپرست ہیں جو سنہ ۱۳۱۲ھ میں ایک عظیم ذخیرہ چھوڑ کر اللہ کو پیارے ہو گئے۔

کلکتہ سے یورپ کی جنگ عظیم کے زمانہ سنہ ۱۹۱۴ء میں زیر ادارت ابوالکلام

---

۱؎ مدارج النبوۃ ج ۲ طبع نولکشور ۲؎ طبع کلاں ص ۲۷۴ ۳؎ انارۃ الہم ص ۱ طبع نور المطابع سنہ ۱۹۲۵ء ۳؎ عیون اخبار رضا ۴؎ لولوۃ البحرین۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



آزاد ایک علمی، ادبی، سیاسی اخبار نکل رہا تھا اس کا نام تھا "الھلال"۔ اس جریدے کے علمی مقالات نے اردو صحافت میں چار چاند لگا دیئے تھے۔ اس کے بعد وہ دور آیا کہ قدیم ہندوستان میں انجمن ہلالِ احمر قائم ہوئی اور اب ہمارے قومی پرچم اور سکّہ پر ہلال نظر آتا ہے جو اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ ہماری پہلی منزلِ ارتقا ہے۔ جسے ابھی چودھویں رات کے چاند کی حدوں تک پہنچنا ہے۔

قومیات میں تصویرِ ہلال کا اساس تو ہم نے سیّدنا حضرت امام رضا علیہ السلام سے لیا ہے۔ سیرت نگار کہتے ہیں کہ آپ کی انگوٹھی پر جو ہاتھ میں رہا کرتی تھی ہلال[1] بنا ہوا تھا۔ عقیق اور بعض دوسرے پتھروں میں یہ جذب ہے کہ خاص اوقات میں آثارِ سماویہ سے درخت، آدمی، چاند کا عکس محفوظ ہو جاتا ہے اور اس نگینہ کو صاحبانِ ذوق شجری کہتے ہیں۔ ایسے عقیق اب بھی کہیں کہیں دستیاب ہوتے ہیں۔ شعراء نے کبھی محبوب کے ابرو کو ہلال سے تشبیہہ دی اور کبھی خود معشوق کو چاند کہا ہے

نظر آیا نہ اپنا چاند افسوس      آج اس کو گزر چکے دن تیس

یہ تشبیہہ محاورات عرب کے مطابق اور ہلال سے بدر کا تصور ایک نفسیاتی بات ہے۔ صلاح الدین صفدی کہتا ہے ؎

لما ترائینا الھلال بدالنا      محیاحبیب لم لیغب قط عن فکری

فقلت عجیب ان یری البدر ھکذا      تماما و نحن الان فی اول الشھر

(نفحۃ الیمن ص ۲۱۴ طبع مصر)

---

[1] شمالیہ ص ۵۳ تاج العلماء۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com      http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# مقدمہ

## رویتِ ہلال میں اسلامی نظریہ

شریعت اسلام میں تحقیقِ رویت ایک اہم اور ضروری مسئلہ ہے جس میں فریقین نے آپس میں کچھ زیادہ اختلاف نہیں کیا ہے۔ فریقین کی چند حدیثیں اس مقام پر قابل غور ہیں جو اس موضوع کی جان ہیں ـــ

حدثنا عبد اللہ بن مسلم عن مالک عن نافع عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذکر رمضان فقال لا تصوموا حتی تروا الھلال ولا تفطروا حتی تروہ (رای حتی یری من یثبت بروئیتہ الحکم) ـــــ خلیفہ زادہ حضرت عبد اللہ کہتے ہیں کہ حضرت رسولؐ نے فرمایا۔ ذکرِ ماہ رمضان میں روزہ نہ رکھنا جب تک چاند نظر نہ آئے اور افطار بھی نہ کرنا جب تک عید کا چاند دیکھ نہ لینا۔

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص۳۰ و ص۲۳۱ طبع مصر ۱۳۵۵ھ

(۲) مسند احمد بن حنبل ج ۲ ص۲۵۱ و ۲۶۳

(۳) کشف الغمہ شعرانی ج ۱ ص۱۵۸ طبع مصر

صحیح ترمذی میں ایک پورا باب ہے "ما جاء لکل اھل بلد رؤیتھم" ہر شہر کے باشندوں کے لئے بحث رویت میں جو حدیثیں وارد ہوئیں' کے عنوان سے اور یہ واقعہ موجود ہے۔ ام الفضل بنت حارث کسی ضرورت سے حاکم شام[۱] کے پاس گئیں اور جس کام کے لئے سفر کیا تھا وہ پورا کر کے جبکہ ماہِ رمضان کا چاند

---

۱ صحیح ترمذی ج ۲ ص۲۱۳ طبع مصر ۱۹۳۱ء

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



دہنان ہوگیا تھا واپس ہوئیں۔ دہنان شب جمعہ کو چاند ہوا تھا۔ دمشق سے واپسی پر ماہ رمضان کی آخری تاریخیں ہوگئیں اور جب ابن عباس سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے پوچھا کہ تم نے چاند کب دیکھا تھا کہا شب جمعہ کو۔ ابن عباس نے کہا تم نے خود دیکھا تھا۔ کہا لوگوں نے دیکھا اور روزہ رکھا۔ معاویہ بھی روزہ سے تھے۔ ابن عباس نے کہا ہم نے تو ہفتہ کی رات کو چاند دیکھا اور ہم جب تک تیس دن پورے نہ ہوں گے یا خود چاند نہ دیکھیں گے روزہ نہ چھوڑیں گے۔ اُمّ الفضل نے کہا، امیر شام کا چاند دیکھ کر روزہ رکھنا کافی نہیں ہے؟ کہا نہیں ہم کو رسولؐ نے یوں ہی حکم دیا ہے۔

علماء امامیہ کا ارشاد یہ ہے ـــــ "ماہ رمضان یا اور مہینوں کی پہلی تاریخ بہ سبب چند چیزوں کے ثابت ہوتی ہے۔ پہلے چاند دیکھنے سے بشرطیکہ دیکھنے والے کو رویت ہلال کا یقین حاصل ہو جائے۔ دوسرے بہ سبب شیاع، تیسرے یہ کہ دو عادل رویت کی گواہی دیں۔ چوتھے یہ کہ مہینہ کے ۳۰ دن تمام ہو جائیں۔ پانچویں بہ سبب حکم حاکم شرع بشرطیکہ اس کی خطا کا یقین نہ ہو۔" شیاع اس جم غفیر کے خبر دینے کو کہتے ہیں جن کی اطلاع سے چاند ہونے کا گمان حاصل ہو اور وہ سب خبر دیں کہ ہم نے چاند خود دیکھا اور عادل اس کو کہتے ہیں جس میں پیش نمازی کی صلاحیت ہو۔ اگر ایک عادل اور دو عادل عورتیں یا زیادہ گواہی دیں کہ ہم نے چاند دیکھا ہے تو ان کی گواہی سے چاند ثابت نہ ہوگا جب تک حد شیاع تک نہ پہنچے۔ جنتری[۲] وغیرہ کے حساب سے چاند ثابت نہیں ہوتا۔ (جامع عباسی پنج بابی ص ۱۰۸ طبع ۱۲۶۹ھ مطبع ذوالفقار حیدری)۔

---

[۱] تحفہ احمدیہ ج ۱ ص ۱۴۴ [۲] وبحساب تقویم وغیر آں داخل شدن ماہ ثابت نمی شود

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ماہ رمضان[1] کا چاند دیکھنا علامہ مجلسی علیہ الرحمہ کے نزدیک سُنّت ہے اور ابن عقیل واجب جانتے ہیں دعائے منقول پڑھنا بھی ان کے نزدیک واجب ہے۔

## اطلاع

آپ کا نام حسن[2] بن علی عمانی تھا (حرف ع کو پیش اور میم کو زبر غراب کے وزن پر) یمن کے رہنے والے تھے۔ رجال میں ان کے لیے فقیہہ اور متکلم کے شاندار الفاظ موجود ہیں۔ نجاشی مشہور عالم ماہر علم رجال کا بیان ہے کہ شیخ مفید علیہ الرحمہ کو میں نے ان کی تعریف و توصیف کرتے کثرت سے سُنا ہے۔

# پیدائش نافع رح

موجودہ کتب امامیہ میں تو شہدائے کربلا کی ولادت کی تاریخوں کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ نہ اہل سنت کے اُس طبقہ کے قلم سے اس مسئلہ میں کچھ رہنمائی ہو سکتی ہے جو عزاداری کا مخالف حسینیت کا دشمن ہے۔

لہٰذا روات فریقین کی خاموشی کے بعد اب گوہر مقصود عنقا تھا اور کسی کا طائر وہم بھی وہاں تک نہ پہنچا۔ صرف صوفیوں نے کشف و اشراق کی بلند پروازی سے ہر ہر شہید کی تاریخ ولادت ظاہر کی جس کو اگر ہم نقل بھی نہ کریں تو صاحبانِ نظر میں قانون سیرت نگاری کا نا قابل عفو جرم سمجھا

[1] زاد المعاد صفحہ ۱۰۴    [2] مجمع البحرین

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



جائے گا۔ چنانچہ شاہ محمد حسن چشتی صابری ہلال بن نافع کے ذکر میں لکھتے ہیں کہ وہ ۲۷ رجب ۲۰ھ روز شنبہ وقت فجر بصرہ میں پیدا ہوئے۔ (آئینہ تصوف)

ایسا مفصل بیان تاریخ سیرت مقاتل میں کہیں نہیں ہے۔ ہلال بن نافع کے حالات میں اہلِ قلم کے بیانات اضطراب سے خالی نہیں ہیں سپہر کاشانی نے پہلے نافع بن ہلال اور پھر ہلال بن نافع کی جنگ لکھ کر عملاً اس بات کا ثبوت دیا ہے کہ واقعۂ کربلا میں ان دونوں مجاہدوں کی خدمات علیحدہ علیحدہ ہیں۔ جناب مولانا سید محمد ہارون صاحب زنگی پوری المتوفی ۱۳۴۱ھ نے حیثیت کے احترام میں ناسخ التواریخ ہی کے رویہ کو اختیار کیا ہے اور شہیدِ اسلام کے صفحات میں بسلسلہ فہرست شہدائے کربلا دونوں مجاہدوں کا نام درج کیا اور آخر میں فرمایا:۔

"ان تمام مذکورہ ناموں پر اگرچہ پورا وثوق نہیں ہو سکتا کیونکہ اہل تواریخ نے ان کے نام نہیں لکھے ہیں مگر میں نے ناسخ کی تلاش کے مطابق یہاں نقل کر دیئے۔"

(شہید اسلام)

امامیہ مشن لکھنؤ کے رسائل میں صاحبِ ناسخ التواریخ کے بیان کا جائزہ ہے اور ان پر یہ الزام عائد کیا کہ انھوں نے دونوں شہیدوں میں سے کسی کے حال میں بھی یہ نہ لکھا کہ واقعہ کربلا میں ۔۔۔

"ہلال بن نافع کے ساتھ ان کے فرزند تھے یا نافع کے ساتھ ان کے باپ ہلال تھے۔" (شہدائے کربلا حصہ دوئم)

اس کے بعد مزید تبصرہ مقصد بالا پر یہ ہے:۔

"یہ امر کہ وہ تیر انداز تھے اور ان کے رجز کا یہ مضمون کہ ان کے سوفار پر ان کے نام کی نشانی موجود تھی نافع کی روایت سے مطابق ہے ان کے بازوؤں کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ٹوٹنا اور ان کا گرفتار کیا جانا اور پھر شہید ہونا سب نافعؓ کے حالات سے ماخوذ ہے۔ (مرتضیٰ)

سپہر کاشانی نے واقعات کو توڑ مروڑ کر جو خامہ فرسائی کی ہے اس کا نتیجہ یہی ہے کہ وہ نقد و تبصرہ کی زد میں آئیں۔ لیکن ناسخ التواریخ کے مصادر دیکھنے سے اچھی طرح ثابت ہوتا ہے کہ ہلال بن نافعؓ اور نافع بن ہلالؓ کے حالاتِ جنگ ملتے جلتے نہیں ہیں اور ایسا نہیں ہے کہ راوی نے ایک شخص کی سیرت و قربانی کے دو ٹکڑے کر کے دو نام تجویز کر دیئے ہوں۔ اور در اصل ایک نام ان میں موہوم ہو۔ ہلال بن نافعؓ کا تعلق یمن کے قبیلہ بجل[1] سے ہے اور نافع بن ہلالؓ دوسرے خانوادہ مذحج سے وابستہ ہیں۔ بجل اور مذحج ایک نہیں ہیں۔ اس مسلک کے اختیار کرنے کا ایک اچھا نتیجہ یہ ہے کہ شبِ عاشور کی رویت ہلال کا بھی[2] انکار نہیں کرنا پڑتا اور بابِ مصائب کی وسعت باقی رہتی ہے۔ اس بنا پر مرقومہ بالا تاریخِ ولادت جس کو فاضل جشتی نے دریافت کیا نافع بن ہلالؓ کی قرار پاتی ہے جو یقیناً صحابیؓ حضرت علیؑ تھے نہ ہلال بن نافعؓ کی جنہوں نے زمانہ حضرت امیر المومنین کا ادراک بچپن میں کیا۔

اصحابِ حسینؑ وہ بلند و بالا ہستیاں ہیں جن کی ذہنیت میں اتحاد، مقصد میں متحد عظمت میں مشترک، امتحان میں باہم شریک۔ لہٰذا ہم بجائے انفرادی حیثیت کے ہر دو شہید پر اس رسالہ میں قلم اٹھاتے ہیں۔ پہلے انشاءاللہ نافع بن ہلالؓ کا حال آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ پھر ہلال بن نافعؓ کا وہ صحابی حضرت علیؑ اور یہ صحابیؓ مظلومِ کربلاؑ تھے۔

**سلسلۂ نسب** انسان کی شرافت اور اس نے حسب و نسب کی بلندی اس بات سے ثابت ہوتی ہے کہ کئی پشت تک اس کے نسب

---

[1] الجبال السید العظیم مع جمال ذنبل ۱۲ معجم۔ [2] موئف شہداء کربلا نے اس روایت کا انکار کیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کی کڑیاں راویوں کے پیش نظر ہوں اور دادا پردادا کے نام دل اور زبان سے محو نہ ہوں چنانچہ نافع حرؒ کے باپ کا نام ہلال اور ان کے والد کا نام پھر نافع تھا۔ گویا دادا کے نام پر پوتے کا نام رکھا گیا اور پردادا کا نام جمل تھا جن کے باپ سعد نامی گزرے ہیں جو اپنے قرابتداروں میں خوش نصیب کے لقب سے مشہور ہے اور سعد کے باپ مذحج تھے اسی نام پر یہ خاندان مشہور ہوا۔

## ہلال نام رکھنے کا سبب

آخر یہ نام کیوں رکھا گیا۔ ہم سوانح حیات عثمان بن علیؑ میں لکھ چکے ہیں کہ عرب میں بچہ کا نام یوں رکھا جاتا ہے کہ اس کے پیدا ہونے کے بعد زچہ خانہ کے بیٹھنے والے سب سے پہلے جس چیز پر نظر کریں۔ وہی نام قرار پائے۔ ان کان کلبا یسمی ابن کلاب ان کان ھلالاً یسمی ھلال۔ اگر کتے پر نظر پڑی تو ابن کلاب اور چاند پر نظر پڑی تو ہلال۔ ابن عصفور، ابو ہریرہ، ابن ظبیان وغیرہ نام اسی دستور کی بنا پر رکھے گئے ہیں۔ عربی زبان میں "ابن" بیٹے کو اور "ابو" باپ کو کہتے ہیں۔ مرد کی کنیت میں زیادہ تر یہی دو الفاظ شروع میں بڑھائے جاتے ہیں لہٰذا جس لفظ کے پہلے ابن یا ابو ہو۔ سمّی اس کا بیٹا یا باپ سمجھا جائے گا۔ چونکہ عصفور چڑیا کو، ظبی ہرن کو اور ہریرہ بلی کو کہتے ہیں۔ اس لئے ناموں کا وقار قائم نہیں رہتا۔ شکرِ خدا کہ ممدوحؒ کسی ارضی مخلوق کے نام پر نامزد نہیں بلکہ ان کا نام عالم بالا کی سیر کرتا ہے۔ اگر بچپن میں وہ ہلال تھے تو واقعۂ کربلا افزائش کمالات نے ان کو بدر بنا دیا۔ اور آج ان کو آسمانِ شہادت کا ماہ تابندہ کہنے میں کسی کو عذر نہیں ہے۔

## ایک مفید بحث

کلام عرب میں ہلال پہلی رات کے چاند سے تیسری شب تک کے چاند کو

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کہتے ہیں۔ اور قمر کا اطلاق چوتھی رات سے آخری تاریخوں تک ہوتا ہے۔ مجلسی علیہ الرحمہ نے اس موضوع پر بحار کی چودہویں جلد میں مستقل بحث کی ہے اور اصمعی[1] کا قول درج کیا ہے۔ ان کی رائے کے مطابق جب تک چاند دائرہ کی صورت اختیار نہ کرے اس وقت تک ہلال ہے اور یہ کیفیت ان کے نزدیک ساتویں سے شروع ہوتی ہے اور اس وقت اس کو قمر کہتے ہیں۔ چونکہ سفید چیزوں کو زبانِ عرب میں اقمر کہتے ہیں اس لئے سفیدی کے لحاظ سے قمر کہا گیا۔ اس وقت نورِ قمر تاروں پر غالب ہوتا ہے اور چودہویں رات کے چاند کو بدر اور پھر آخری تاریخوں ۲۶، ۲۷ کے چاند کو ہلال کہتے ہیں۔ اگرچہ چاند آخری تاریخوں میں اگلی شکل اختیار کرتا ہے جس کو خداوند عالم نے درخت خرمہ کی سوکھی ہوئی شاخ سے تشبیہہ دی ہے۔ والقمر قدرناہ منازل حتیٰ عاد کالعرجون القدیم۔

اردو کی کتابوں میں آپ برابر دیکھتے ہیں کہ ہر مہینہ کا چاند دیکھ کر خاص خاص چیزیں دیکھنا چاہئیں۔ کوئی شے امام جعفر صادق علیہ السلام کے حکم کی بنا پر اور کوئی خواجہ نصیر الدین طوسی کی تجویز سے۔ اصولِ درایت کے لحاظ سے اس کا کچھ پتہ نہیں کہ یہ احکام کہاں سے حاصل کئے گئے اور راوی کا کیا نام ہے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دانشمندوں نے اس خیال میں کہ چاند دیکھ کر ہر کس و ناکس پر نظر نہ پڑے اپنے نفسیات کی بنا پر ستاروں کے تناسب اور علم الحروف کی رعایت سے کچھ چیزیں مقرر کردیں اور شہرت نے اس کو قرآن و حدیث کا جامہ پہنا دیا۔ آدابِ رویتِ ہلال میں جناب سرور کائنات[2]

---

[1] زبانِ عرب میں جس کے کان چھوٹے ہوں اس کو اصمعی کہتے ہیں (لغات کشوری) ان کا نام عبدالملک باہلی اور کنیت ابوسعید تھی۔ ان سے کثرت سے روایات ہیں۔ وہ عرب کی خبروں پر زیادہ سے زیادہ باخبر تھے۔ (منجم)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



حضرت امیر المومنینؑ اور امام زین العابدین علیہم السلام سے جو دعائیں منقول ہیں اور صحیفۂ علویہ صحیفہ سجادیہ اور علم الدعا کی دوسری کتابوں میں موجود ہیں صرف وہی معتبر اعمال ہیں اور بس قدیم کتابوں میں اس محل پر یہ قطعہ نظر آتا ہے ؎

ماہِ محرم زر ببین اندر صفر آئینہ | اول ربیع آب رواں آخر غم ای مہ نگر
ماہ جمادی نقرہ بیں پیرے ببیں در آخریں | ماہ رجب مصحف ببیں شعباں گیاہ سبز تر
شمشیر در رمضاں نگر شوال جامہ سبز تر | ذیقعدہ بینی کودکے ذیحجہ دختر خوب تر

(اکمال ارتقوی مطبوعہ ۱۳۰۸ھ صفحہ ۵)

تیسری تاریخ تک چاند ہلال رہتا ہے اس لئے جو اعمال وارد ہوئے ہیں وہ تین دن چاند دیکھنے کے بعد کئے جا سکتے ہیں جناب حجۃ الاسلام سید ابو صاحب قبلہ مجتہد مرحوم اس مقام پر فرماتے ہیں:-

"عوام میں مشہور ہے کہ تیسری شب یا تیسری تاریخ کا چاند دیکھنا باعث نحوست ہے اس کی اصل کہیں کتب امامیہ میں پائی نہیں جاتی بلکہ خلاف اس کے زاد المعاد میں لکھا ہے کہ چاند دیکھنے کے وقت خواہ پہلی شب ہو خواہ دوسری یا تیسری مستحب ہے کہ دعا ہائے منقولہ کو پڑھیں"

(تحفۂ احمدیہ جلد دوم صفحہ ۳۱ مطبوعہ لیستان مرتضوی سنہ ۱۳۰۵ھ)

چاند دیکھنے کے وقت دعا قبول ہوتی ہے اور یہ ساعت استجابت دعا کے اوقات میں ہے۔ (بحار الانوار۔ جلد ۱۹ صفحہ ۴۲)

## بچپن اور تعلیم و تربیت

نشو و نما اسلامی جاہ و جلال کے گہوارہ میں ہوئی۔ ہوش سنبھالتے سنبھالتے علم کا شوق اس قدر غالب ہوا کہ اپنی تمام توجہ تحصیل علوم پر منعطف کر دی اور بچپن کا زمانہ تمام تر تحصیل کمالات میں گذرا سن شعور تک پہنچتے پہنچتے ان کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



علم قرآن میں اتنا عبور ہوا کہ ماہرینِ قرأت مان لیئے گئے۔ غرض ممدوح کی ذات ان تمام اوصاف کی جامع تھی جو ہم متفرق طور پر دیگر لوگوں میں پاتے ہیں۔

**اوصافِ ذاتی**

واقعات جو آئندہ آپ کے سامنے آئیں گے ان کے مطالعہ سے واضح ہوگا کہ نافع زیورِ کمال سے آراستہ تھے۔ علم و کمال، ہمدردی، مساوات، فرض شناسی، غیرت، انصاف، شجاعت، بہادری، تیر اندازی میں وہ یگانۂ روزگار تھے۔ ان کے نمایاں صفات میں بعض صفتوں پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔

**تیر اندازی**

یہ وہ صفت ہے جو سلف صالحین میں برابر پائی جاتی تھی۔ تیر و کمان کی تاریخ ہم نے شہزادہ علی اصغرؑ میں کسی قدر تفصیل سے لکھی ہے۔ احادیث ائمہؑ میں اس فن کے فروغ پر جا بجا بحث ہے۔ جناب امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام نے فرمایا کہ حضرت رسولِ خدا صلعم کا ارشاد ہے اپنے لڑکوں کو تیرنا اور تیر لگانا سکھاؤ۔ (حلیۃ المتقین)

جناب رسالتمآبؐ نے کسی لڑائی میں اپنی فوج کے ایک بہادر سپاہی سعد کی ہمت افزائی کی اور وہ جب تیر پھینکتے تھے تو آپؐ فرماتے تھے اللھم سدد رمیتہ بارالٰہا ان کے تیر کو نشانہ تک پہنچا۔ (مناقب آل ابی طالب ج ۱ ص۴۷ بمبئی)

جناب امیر المومنین علیہ السلام نے بھی تیر و کمان کو ایسے ہی مقامات پر استعمال کیا ہے جس کا تعلق میدانِ جنگ سے نہیں ہے۔ چونکہ کمال شجاعت یہ ہے کہ دشمن کی صفوں میں ڈوب کر دست بدست لڑے۔ اس لئے حیدری شجاعت یہ نہ تھی کہ دشمن سے دور رہے اور تیر و کمان سے جنگ ہو۔

آفریں شہدائے کربلا کی ذہنیت پر کہ انہوں نے عاشور کے ایک دن میں اپنے ذاتی کمالات بھی دکھلائے اور شمشیر زنی کا موقع آیا تو لاتعداد تلواروں سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



منہ نہ موڑا۔

## پانی پلانا

انسانی ہمدردی کا سب سے سہل اور آسان طریقہ یہ ہے کہ کسی پیاسے کو ہم پانی پلائیں۔ اسی اخلاقی فریضہ کو پیغمبر اسلامؐ اور ان کے اوصیاء نے مذہبی جامہ پہنا کر عظیم اجر و ثواب کا وعدہ کیا ہے اور اس عمل سے شاید ہی کوئی عمل بہتر ہو۔ پیاسوں کو پانی دینا اگر کسی ایسے انسان کی صفت ہو جو بہشت میں پہنچنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو تو جس کو پانی پلایا ہے وہ سیراب ہونے کی جزا میں اس کو دوزخ کی آگ سے بچاتا ہے۔ طبرسی علیہ الرحمہ نے پیغمبر خداؐ سے روایت کی ہے کہ روز قیامت ایک شخص جو اہل بہشت سے ہوگا بارگاہ صمدیت میں عرض کرے گا کہ اے پالنے والے تیرے فلاں بندے نے دار دنیا میں پانی پلایا تھا مجھے اس کی شفاعت کا اختیار دے۔ حکم ایزدی ہوگا کہ جا اور اس کو جہنم سے باہر کر۔ یہ شخص اس کو آگ کے بھڑکتے ہوئے شعلوں میں تلاش کر کے جہنم سے نکالے گا۔ (مجمع البیان تفسیر سورۂ مدثر)

نافع بن ہلالؒ نے اہلبیت حسینؑ تک پانی پہنچانے کا ارادہ کیا تھا۔ وہ عالم باعمل پیکر خیر تھے۔ ان کے اس عمل کا کیا کہنا وہ اس خدمت کا اجر ساقی کوثر کے ہاتھ سے پائیں گے۔ پیغمبر خداؐ نے فرمایا ہے کہ مومن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے پانی لانے میں جو اجر و ثواب تھا وہی ارادہ میں حاصل ہوا۔

## صحبت حضرت علیؑ کا فیض

امیر المومنین علیہ السلام کی علم افروز صحبت میں نافعؒ کا حاضر رہنا اور باب مدینہ علم کی جبہ سائی وہ شرف ہے جو اچھے اچھوں کو نہیں ملا علیؑ کی سرکار سے نافعؒ علم و عمل کی لازوال دولت لوٹتے رہے اور خلعت تہذیب و اخلاق نے ان کو ایسا سنوارا کہ

---

لہ (۱) کافی، کلینی رحمۃ اللہ صفحہ ۱۷۲ (۲) حقائق الایمان ملا محسن کاشانی صفحہ ۱۷۶

(۳) تفسیر مفاتیح الغیب رازی ج ۱ صفحہ ۶۷۸ طبع مصر۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



سرفروشی کی منزل پر جان دینے میں بھی عذر نہ ہوا۔ تاویل قرآن میں جو لڑائیاں ہوئیں ان میں جہاد کیا۔ وہ ان نام نہاد صحابہ میں نہ تھے جو سرفروشی کے موقع پر جان عزیز کرتے تھے۔ ایک گروہ تو وہ تھا جس کے ارادوں کی کمزوری اور قوتِ عمل کے فقدان کو دیکھ کر یا اشباہ الرجال ولا رجال کہا تھا۔ صورت نامرد اگر زیادہ تھے تو ان میں سربکف بھی تھے۔ محمد بن ابی بکرؓ، مالک اشترؓ، کمیل بن زیادؓ، میثم تمارؓ، حجر بن عدیؓ، رشید ہجریؓ، عمر بن حمق خزاعیؓ روحانی سلطنت کے وہ نورتن تھے جن کا ایک ایک رکن عدیم المثال تھا۔ مؤخرالذکر جان بازوں کو بارگاہِ عصمت سے جو خطاب عطا ہوا تھا وہ ملاحظہ ہو۔ عبیداللہ امرتسری فراستِ حضرت امیرالمومنینؑ کے ثبوت میں لکھتے ہیں:۔

عن علی قال یا اھل الکوفۃ ستقتل منکم سبعۃ نفر خیارکم مثلھم کمثل اصحاب الاخدود منھم حجر بن العدی و اصحابہ فقتلھم معاویہ فی دمشق الشام کلھم من الکوفۃ۔

(کنز العمال)

جناب امیرؑ نے کوفہ کے لوگوں سے فرمایا اے اہلِ کوفہ عنقریب تم میں سے سات آدمی جو کہ نہایت برگزیدہ ہیں قتل کیے جائیں گے۔ ان کی مثال بعینہٖ گڑھے کے شہیدوں کی ایسی ہے ان میں سے حجر بن عدی رضی اللہ عنہم بھی ہیں۔ پس امیر معاویہ نے ان کو دمشق شام میں قتل کیا۔ وہ سب کوفہ میں تھے۔ (ارجح المطالب ص۱۸۸ چھاپ لاہور طبع اوّل)

**قصہ اصحاب اخدود**

اصحاب اخدود کا قصہ قرآنی حکایت ہے جسے سورہ بروج میں لسان قدرت نے بہ قسم بیان کیا ہے۔

---

لہ نہج البلاغہ ص۹۲،۴۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



قتل اصحاب الاخدود النار ذات الوقود اذ ھم علیھا قعود وھم علیٰ ما یفعلون بالمومنین شھود۔ خندق والے خداشناس قتل کیے گئے یہ آتشیں خندق تھی جس میں (دشمنانِ حق نے) ایندھن جھونک کر مشتعل کیا تھا جب (عالم بادشاہ اور اس کے ساتھی) خندقوں پر بیٹھے ہوئے تھے اور جو کچھ ایمانداروں کے ساتھ کرتے تھے اس کو دیکھ رہے تھے۔

(پ۔۳۰ رکوع ۱۰)

حقیقتِ حال یہ ہے کہ قوم حبش پر خدا نے ایک حبشی کو نبی بنا کر بھیجا۔ یہ قوم اپنے بادشاہ یوسف ذونواس کو خدا سمجھتی تھی اور اس کی اور بتوں کی پرستش کرتی تھی۔ نبی نے ان کی بدکرداری پر وعظ و نصیحت کی اور خدائے قہار و جبار کی طرف دعوت دی۔ بادشاہ نے نبی مذکور کے ساتھیوں سے فوج بھیج کر جنگ کی اور بیشتر نفوس کو قتل کر ڈالا۔ جو باقی بچے ان کو قید کر کے ۴۰ گز لانبی اور ۱۲ گز چوڑی ایک نہر کھودی اور اس کو آگ سے پاٹ دیا اور حکم دیا کہ جو بادشاہ کے دین پر ہو وہ الگ اور جو اس سے انکار کرے وہ آگ میں آکر گر پڑے۔ وہ تمام مومنین جو نبی کے پیرو تھے مجبور ہو کر ایکدوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اس آگ میں داخل ہونا شروع ہوئے۔ جب ایک صاحبِ اولاد خاتون کی باری آئی اور وہ اپنے تین مہینہ کے بچے کو گود میں لیے ہوئے قریب آئی تو اس کو کسی قدر پس و پیش ہوا۔ قدرت نے دل بڑھایا کہ بے زبان معصوم کو گویا گیا۔ شیر خوار نے ماں سے کہا کہ تم حق پر ہو۔ یہ سنتے ہی وہ بھی آگ میں کود پڑی۔

اور اس آخری قربانی کے بعد منتقم حقیقی نے ہوا کو حکم دیا جس نے آگ کو بادشاہ اور اس کے ہوا خواہوں کی طرف پہنچا دیا اور وہ سارے باطل نواز

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



جل کر خاک سیاہ ہو گئے۔ اور جتنے مومنین آگ میں گرے تھے وہ سب بال بال بچ گئے اور صحیح وسالم نکل آئے۔

ابو اسحاق ثعلبی مورخ کے بیان سے واضح ہوتا ہے کہ اس بادشاہ کے باپ کا نام شرجیل تھا اور یہ زمانہ فترت کا واقعہ بعثت نبوی سے ستر سال پہلے کا ہے۔ (عرائس التیجان ص۳۰۵ طبع مصر)

آمدم برسر مطلب اصحاب امیر المومنین کو ان بے گناہ مظلوموں سے تشبیہ دینے میں راز یہ ہے کہ جس طرح ظالم بادشاہ نے ان کو نذر آتش کرنا چاہا تھا اور بمصداق چاہ کن را چاہ در پیش۔ وہ خود ہلاک ہو گیا۔ اسی طرح اصحاب حضرت علیؑ کو تہ تیغ کرنے میں ظالم ان کے قتل کرنے میں کامیاب نہ ہوا اور فردائے قیامت میں خدائے قہار وجبار کی مہیا کردہ آتش دوزخ میں ابدالآباد تک جلے گا۔ جو اصحاب امیر المومنین حکومت شام کے فروغ میں قتل ہوئے ان سے شہدائے کربلا کا مرتبہ یقیناً بڑھا ہوا تھا۔ لہٰذا ان کی مثال اصحاب اخدود سے بھی برتر افراد سے دی جا سکتی ہے۔

## واقعات کربلا سے پہلے کی زندگی

نافع بن ہلالؒ نہایت شریف النفس اپنے گھرانے کے سردار اور رئیس سمجھے جاتے تھے۔ بڑے بہادر اور قاری قرآن اور منشی تھے۔ کتاب خدا اُن کو زبانی یاد تھی اور حافظان قرآن میں بڑی تعظیم سے ان کا نام لیا جاتا ہے۔ امیر المومنین علیہ السلام کی صحبت نے ان میں اور چار چاند لگائے تھے۔ باب مدینۂ علم سے روایت کرنے کا فخر بھی حاصل تھا۔ کاش وہ روایات ہمارے سامنے ہوتیں جن کو کربلا کے اس مقدس شہید نے واقعۂ کربلا سے پہلے نشر کیا۔ علم حدیث کی چاروں بلند پایہ کتابیں دیکھنے سے یہ زریں اقوال

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



زیر نقاب نہیں رہ سکتے لعل اللہ یحدث بعد ذالک امراً۔ زمانہ امیر المومنینؑ کا ادراک کرنے سے ان کو تابعین میں بھی جگہ دی جا سکتی ہے۔ اصحاب رسولؐ کو جس نے دیکھا ہو اور ان سے علمی استفادہ حاصل کیا ہو اس کو تابعی کہتے ہیں۔ نافعؒ نے دا گران کو صحابی نہ مانا جائے تو کم از کم تین معصومینؑ کا زمانہ دیکھا حضرت امیر المومنینؑ کی حکمت آگیں رزم بزم میں برسوں رہے اور صفین و جمل و نہروان میں خوب خوب داد شجاعت دی۔ پھر امام حسنؑ کا پرسکون مگر گوناگوں انقلاب کا عہد دیکھا اور یہ مقدر کی یاوری تھی کہ حسینی عہد تک رہے اور بڑھاپے میں شہادت کی لازوال دولت ملی۔ گویا صفین و جمل و نہروان میں حافظ حقیقی نے اسی لئے بچایا تھا کہ کربلا میں جنگ کر کے یہ امتحان بھی دیدیں کہ تشنہ و گرسنہ کیونکر جنگ کرتے ہیں۔ ان خدمات کے بعد نافعؒ کا نام اہلبیت طاہرینؑ میں اجنبی نہ تھا۔ وہ دیرینہ خادم اور پرانے عقیدت کیش تھے۔ ان کی وفا سے ہو سکتا ہی نہ تھا کہ حسینؑ قتل ہوں اور وہ گھر میں سکون کی زندگی کو نعمت سمجھتے ہوئے بیٹھے رہیں۔ نافعؒ آپ کا بڑھاپا انس اور زید بن ارقم صحابی رسولؐ سے زیادہ شاندار تھا وہ فضیلت علیؑ کی گواہی دینے میں پیری کا عذر بار ورکریں اور آپ کو بڑھاپے میں اعضاء و جوارح کا فطری انحطاط روک نہ سکے۔ حالات کا جائزہ لینے سے صاف نتیجہ نکلتا ہے کہ نافعؒ مسند علم پر ایک محدثؒ اور میدان جنگ میں سپاہی تھے۔

---

جبل عاملیہ
حیدرآباد لطیف آباد یونٹ نمبر ۸۔ C1

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ہلالِ محرم ہویدا شد — ازاں دردِ شبیرؑ پیدا شد
ملکہ نور جہاں سنہ ۱۰۳۷ھ

# سنہ ۶۰ھ کا خاتمہ اور نصرتِ دین کا عزم بالجزم

صحبت امیر المومنین علیہ السلام میں جس کی عمر گذری ناممکن ہے کہ اس کو واقعہ کربلا میں اپنی شرکت اور قربانی کا علم حاصل نہ ہوا ہو۔ واقعات کا فقدان اور صحیح حالات سے خبر دینے والا کوئی نہیں ہے ورنہ ہم بتاتے کہ ان کو پیرانہ سالی میں مرنے کا کتنا شوق تھا اور قربانی پر وہ کس ولولہ سے تیار تھے۔
معاویہ نے ہمیشہ کے لئے دنیا کو خیر باد کہا، یزیدلعنہ تخت نشین ہوا اور بنی ہاشم کا وہ رہا سہا وقار بھی جو شامی مکر و فریب سے بچ گیا تھا حکومتِ باطل کے ہاتھوں مٹنے لگا اور وہ منحوس وقت بھی آگیا کہ کوفہ میں ظلم و استبداد کی گھنگھور گھٹا اور ستمگر ظالم ابن زیادلعنہ کی بجلیاں کوندنے لگیں۔ اصحاب امیر المومنینؑ کا قتل دوستداران اہلِ بیتؑ کو سولیوں پر چڑھا گیا۔ سادات کے خون کی ارزانی حد سے دیکھو ایک قیامت صغریٰ برپا تھی۔ اس پر آشوب دور میں نافعؒ کا گھر چھوڑنا اور شمعِ امامت تک پہنچنا ان کی سیاست اور حسنِ تدبیر کا ایک بلند نمونہ ہے۔ ناممکن تھا کہ باپ کا صحابی بیٹے پر وقت پڑنے پر جان عزیز کرے۔ کوفہ کی فضا ابن زیادلعنہ کے سخت انتظامات سے ایسی مخدوش تھی کہ وہاں سے ایک متنفس کا بھی نصرتِ حسینؑ کے ارادہ میں قدم بڑھانا ناممکن نہ تھا مگر انہیں کمزور اور پست ہمت مسلمانوں کے لیے جن کی قوتِ عمل سست ہو چکی ہو اور وہ ایمان میں کمزور ہوں۔
جو اہلِ ایمان ارادہ کے پختہ عزائم کے مضبوط تھے ان کو نہ شعلہ ور آگ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



روک سکتی تھی۔ نہ سمندر نہ خلیج راہ ہو سکتا تھا نہ پہاڑ ان کے ارادہ میں حائل ہو سکتا تھا۔ بوڑھے مجاہد حبیب بن مظاہرؓ کا کاشتکار کی صورت میں گھر سے نکلنا ان کے حالات میں آپ پڑھ چکے۔ مسلم بن عوسجہؓ نے کمال کیا۔ حرم رسولؐ کی عقیدت مند بی بی اور بچہ کو ساتھ لے کر کربلا پہنچے اور کوفہ کا پہرہ ان کی ساری بضاعت کو روک نہ سکا۔ نافعؓ کے لئے بظاہر اس کا امکان نہ تھا کہ وہ اس قید و بند میں گھوڑے پر سوار ہو کر چلتے کسی نہ کسی طرح پیادہ آئے اور امامؑ سے راستہ میں ملحق ہوئے۔ حسن تدبیر دیکھو وفادار گھوڑے کو کوفہ ہی میں چھوڑ گئے تھے اور کہہ دیا تھا کہ ان کی روانگی کے بعد کسی طرح گھوڑا پہنچا دیا جائے۔

وہی ہوا کہ عذیب الحجانات نامی منزل پر چار شخصوں کا جب جتھا حسینی قافلہ سے آکر ملا ہے اس کے ساتھ نافعؓ کا کوتل گھوڑا بھی تھا۔ اس عربی نژاد گھوڑے کا اس کی خصوصیات کے لحاظ سے کامل نام تھا جس کو نو وارد گروہ نے نافعؓ کے سامنے پیش کر دیا۔ کوفہ کی ناکہ بندی کا علم دنیائے شعر و سخن کے تاجدار حضرت انیس کو بھی تھا۔ وہ اپنے ایک مرثیہ میں فرماتے ہیں ؎

ناکوں پہ چوکیاں تھیں جزیروں میں اہتمام ٭ مسدود ہو گئی تھی سبیل خط و پیام
آیا کبوتر اُڑ کے جدھر صید ہو گیا ٭ قاصد جہاں ملا وہ وہیں قید ہو گیا

خط پہنچانے والے کا قتل آپ نے سوانح عمری حضرت مسلم بن عقیلؑ میں پڑھا۔ نافعؓ کا راستہ سے ملحق ہونا ان کی دیرینہ محبت کا ثبوت ہے۔ ابھی تک شہادت حضرت مسلمؑ کی خبر بد پہنچنے نہ پائی ہے۔ نافعؓ جس مقصد کے انجام دینے کے لئے آئے تھے اس کو مبدء سے معاد تک انجام دیا اور نافعؓ کی شرکت حسینی مشن میں مکمل طور پر ہوئی۔ جب کربلا والوں کی چھوٹی ہوئی فرد حضرت مسلمؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اور ان کے میزبان ہانی بن عروہؒ کی دل دوز خبر قتل پہنچی ہے تو نافعؒ بھی اس قابل اعتماد مجمع میں تھے جن کے چہرے دیکھ کر سنانے والے سے فرمایا تھا ھادون ھولآء ستش ان سے کسی بات کا پردہ نہیں ہے (جو کچھ کہنا ہے کہو) (ارشاد شیخ مفید)

نافعؒ مسلم بن عقیلؑ کے پرسہ میں شریک ہوئے، راستہ کی صعوبتیں اٹھائیں حر بن یزید ریاحی کے روکنے پر اپنی خصوصی عقیدت کا گلدستہ بہادرانہ تیوروں سے پیش کیا۔ جب کربلا پہنچے تو وہ ساتھ تھے۔ تین دن کی پیاس میں شریک مصیبت رہے۔ امامؑ کے روبرو جان دینے میں کامیاب ہوئے سید الساجدینؑ کے مقدس ہاتھوں سے سپرد خاک ہوئے رسولؐ کے شیشہ میں اپنی وفا کا لہو پہنچایا صادق آل محمدؐ نے ماں باپ فدا کئے۔

اب اس مختصر تمہید کے بعد نافع بن ہلالؒ کی خدمات جس قدر بھی کتب مقاتل سے دریافت ہو سکتی تھیں سپرد قلم کی جاتی ہیں۔

## نبی زادہ پر پہلی یلغار اور لشکر حر کی طرف سے محاصرہ کی پُر فریب کوشش

تاریخ و سیر پر نظر رکھنے والے جانتے ہیں کہ حج سے محروم مسافر مصلحت وقت سے مجبور ہو کر غیر معروف راستوں سے پلٹے اور بڑی پامردی کے ساتھ راہ ثواب طے کر رہے تھے کہ ایک نشیبی زمین سے گزرنے میں خرمے کے درخت نظر آئے اور زبان سے بے ساختہ تکبیر نکلی۔ مگر راہ سے واقف نگاہوں نے تاڑ لیا کہ اس راستہ میں درخت کہاں، یہ تو نیزوں کی لوڑیاں

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اور گھوڑوں کی کنوتیاں معلوم ہوتی ہیں۔ وہی ہوا کہ بات کہتے کہتے ایک ہزار سوار کا رسالہ آپہنچا اور محرم کا چاند نکلنے سے پہلے تمام ارباب دماغ کو ان نام کے مسلمانوں کے رویہ پر ماتم کرنا پڑا۔ اس لشکر کا سردار حر بن یزید ریاحی عرب کا مشہور بہادر ہے اس کے پہنچنے پر کیا ہوا دشمن کی گستاخی، امامؑ کی دریادلی پیاسوں کا مع راکب و مرکب سیراب کرنا۔ احسان فراموشی پر تاریخ کا صفحہ گواہ ہے۔ یہ سفاک مجمع جب روکنے پر تیار ہوا تو اصحاب حسینؑ کے تیور بدلے۔ زہیر بن قینؓ نے وہ تقریر کی جو ان کی سوانح عمری میں گذری۔ ان کے بعد نافعؓ کھڑے ہوئے اور کہا۔

## لشکر حُر کی آمد پر نافعؓ کے تاثرات

"اے رسولؐ کے فرزند آپ تو جانتے ہیں کہ آپ کے نانا رسولِ خدا صلعم سے یہ نہ ہوا کہ تمام مردم کو بادۂ الفت سے سیراب کریں (اور ہر کہہ و مہ کو اپنا دوست بنالیں) اور جیسا چاہیے مطیع و منقاد کرلیں ان میں تو منافق بھی تھے جو ان کی مدد کا (جھوٹا) وعدہ کرتے تھے اور دل میں غداری کا جذبہ تھا۔ ان کی باتیں (دیکھنے میں تو) شہد سے زیادہ میٹھی تھیں اور عملاً ان کی مخالفت حنظل سے زیادہ کڑوی تھی یہاں تک کہ خدا نے ان کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دی۔ اور آپ کے پدر بزرگوار حضرت علیؑ کو بھی ایسا ہی سامنا ہوا۔ کچھ لوگ ان کی مدد پر تیار ہوئے اور جمل و صفین و نہروان میں ان کے دشمن سے جنگ کی اور ایک گروہ نے اختلاف کیا حتیٰ کہ ان کی بھی زندگی کے دن پورے ہوئے اور رحمتِ الٰہی اور رضاء باری کی طرف سدھارے۔ آج ہمارے نزدیک آپ کا وہی عالم ہے جو شخص عہد شکنی کرے گا اور نیت کو خیر باد کہے گا وہ اپنے تئیں خود ضرر پہنچائے گا۔ آپ کا کچھ نہ بگڑے گا۔ خدا ہم کو مقدر کا کچھ اندیشہ نہیں

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اور نہ اپنے پالنے والے کے سامنے جانے سے ہم کو کراہت معلوم ہوتی ہے۔ ہم اپنے ضمیر پر قائم اور دل کی آنکھوں نے جو دیکھا ہے اس پر باقی ہیں۔ ہم اس کے دوست ہیں جو آپ کے ساتھ محبت رکھتا ہو اور اُسے دشمن جانتے ہیں جو آپ کا دشمن ہے۔ (ابصار العین)

° اس تقریر کو فاضل معاصر مولانا شیخ محمد بن شیخ طاہر سماوی نجفی نے مناقب ابن شہر آشوب سے نقل کیا ہے اور مناقب کے ہندو بیرون ہند کے مطبوعہ نسخ میں اس کا کہیں پتہ نہیں ہے۔ مناقب طبع بمبئی اور عراق اس گفتگو سے خالی ہے۔

اصل الفاظ ابصار العین کے یہ ہیں۔

یا بن رسول اللہ انت تعلم ان جدک رسول اللہ لم یقدر ان یشرب الناس محبتہ لان یرجعوا الی امرہ ماحب وقد کان منھم منافقون یعد ونہ بالنصر و یضمرونہ بالغدر یلقونہ باحلی من العسل و یخلفونہ بامر من الحنظل حتی قبضہ اللہ الیہ۔

ان الفاظ سے بھی احتمال ہوتا ہے کہ نافعؒ رسولؐ کے صحابی تھے ورنہ وہ عہد رسولؐ اور زمانہ امیرالمومنینؑ کے لوگوں پر ایسی تفصیلی رائے زنی نہ کرتے۔ بہرحال یہ بیان نافعؒ کی نیک نیتی اخلاص عزائم کی پختگی کی صحیح تصویر ہے۔

# عاشور سے پہلے علمداری کا عہدہ

قانونِ جنگ ہے کہ فوج میں سپاہیوں کے خصوصیاتِ ذاتی کے ساتھ ان کو عہدہ ملتا ہے اور آپس میں امتیازات قائم کیے جاتے ہیں۔ نافعؒ ان مجاہدین میں تھے جن کو سرکار حسینیؑ سے علم ملا تھا۔ ان کے اس شرف کو ابو جریر طبری نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



تاریخ میں ظاہر کیا ہے۔ امامؑ زمین کربلا پر پہنچ چکے ہیں۔ خیمہ نہر پر بپا نہ ہوئے فوجیں آنا شروع ہوئیں دشمن کی بربریت کا آخری ثبوت پانی بند ہونے کی صورت میں ہو ظاہر ہوا۔ اور قحطِ آب سے سپاہِ حسینیؑ میں بے چینی پھیل گئی اس وقت سرکار حسینؑ سے ان کے چھوٹے بھائی حضرت عباسؑ کو نہر پر بھیجنے کی رائے ہوئی۔ مولف شہدائے کربلا اس مقام پر رقم طراز ہیں :۔

"جناب عباسؑ تیس سوار اور بیس پیادوں کے ساتھ مشکیزے پانی کے لے کر آگے بڑھے اور نہر کے قریب پہنچے۔ نافع بن ہلال بجلیؒ نے علم اپنے ہاتھ میں لیا اور سب سے آگے ہو گئے۔ عمر بن حجاج زبیدی لعنہ نے جو نہر کا محافظ تھا ٹوکا اور کہا کون ہے جو نہر پر جاتا ہے۔ نافع بن ہلالؒ نے نام بتایا۔ عمر بن حجاج لعنہ قبیلہ زبید سے تھا جو مذحج اور مراد کی ایک شاخ ہے اور جمل بھی مراد کی شاخ ہے اس لئے نافعؒ نے اپنا نام بتایا اور قبیلہ کا پتہ دیا۔ اس نے کہا آنے کا سبب کہا اسی پانی کے پینے کو جس سے تم نے ہمیں روک رکھا ہے۔ عمر نے کہا پیو تم شوق سے تمہیں پینا گوارا ہو۔ نافعؒ نے کہا میں تو خود پیوں گا نہیں درصورتیکہ حسینؑ اور ان کے سب اصحاب پیاسے ہیں۔ یہ سن کر فوج آگے بڑھی اور کہا یہ تو ممکن ہی نہیں کہ یہ لوگ سیراب ہوں۔ ہم یہاں مقرر اسی لئے کئے گئے ہیں کہ ان کو پانی پینے سے مانع ہوں۔ نافعؒ ان لوگوں سے گفتگو کرنے آگے بڑھے اور اپنے ساتھیوں سے کہا کہ تم جلدی مشکیں پانی سے بھر لو۔ پیادہ تیزی سے بڑھے اور انہوں نے مشکیں پُر کر لیں۔

ادھر نگہبانوں کی فوج آگے بڑھی۔ جناب عباسؑ نے اور آپ کے ساتھ نافع بن ہلالؒ نے ان لوگوں کا مقابلہ کیا اور انہیں پیچھے ہٹایا۔ اتنی دیر میں وہ لوگ جو مشکیں لئے ہوئے تھے ساحل سے اوپر آگئے تھے۔ جنگ آزما بہادروں نے ان سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کہا کہ تم خیموں کی طرف چلو اور خود وہیں رہے۔ یا سبانوں کی فوج نے پھر بڑھ کر حملہ کیا اور کچھ جنگ ہوئی۔ اس موقع پر نافع بن ہلال رض نے عمر بن حجاج لع کے ساتھیوں سے ایک شخص کو جو قبیلہ صداء سے تھا نیزہ لگایا بظاہر وارا وچھا تھا اور کوئی اثر محسوس نہ ہوا تھا۔ مگر اس کے بعد وہ زخم مہلک ثابت ہوا اور وہ شخص ہلاک ہوگیا۔ اصحاب امام پانی لے کر واپس ہوگئے۔

(شہدائے کربلا حصہ دوم مطبوعہ سرفراز قومی پریس ذی الحجہ ۱۳۵۶ھ)

مرقومہ بالا بیان پیش کرکے مولف نے رائے ظاہر کی ہے کہ "یہ غالباً آٹھویں یا نویں شب کا ذکر ہے"۔

اور طبری نے اس محل پر اپنی تحریر لکھی ہے ذالك قبل قتل الحسين بثلاث یہ شہادت عظمیٰ سے تین دن پہلے کا ذکر ہے۔ (تاریخ طبری ص ۶۱) اور یہی صحیح اور آزادانہ رائے ہے جس سے مسئلہ عطش کا وقار اپنی جگہ قائم رہتا ہے۔

بریرؓ کے پانی لانے کی روایت جو سوانح عمری بریرؓ میں گذری وہ اس کے علاوہ ہے۔

## روزِ عاشور کی قیامت زا صبح

اِن پُرجگر بہادروں پر زندگی کی آخری رات کیونکر گذری؟ کیا موت و حیات کی امید و بیم میں یا دشمن سے خوف و ہراس میں! نہیں نہیں بڑے ہی محیر العقول اطمینان میں سجادوں پر بیٹھ کر رات بھر عبادت کرتے رہے اور اپنی غرض خلقت کو پورا کیا۔ وہ وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض کی مجسم تصویر تھے اور کائنات کا ذرہ ذرہ ان کو قبلہ عالم سمجھ کر دیکھ رہا تھا۔ ان کا اخلاص ایاک نعبد وایاک نستعین کی تفسیر تھا اور ماسوی اللہ ان کے گرد آلود چمکتے ہوئے چہرے دیکھ کر ان سے لو لگائے تھا۔ جب رات کے سناٹے میں خیام فلک احتشام سے ماتم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کی جگر پاش صدا بلند ہوتی تھی تو عرش سے فرش تک ہل چل پڑ جاتی۔ شہ لولاکؑ کے گھر میں بے چینی نہ تھی۔ ہر سر عالم میں تلاطم تھا۔ فاطمہؑ کے چاند کو گہن میں دیکھ کر ادہر ماہ فلک رخصت ہوا ادہر کشتہ فراق کی ڈوبتی ہوئی نبضوں کی طرح تارے غروب ہونا شروع ہوئے۔ گریبان سحر چاک ہوا اور ہر چرند و پرند نے سراسیمہ اپنے آشیانوں سے باہر آکر سلیمانِ کربلاؑ کو نرغہ اعدا میں دیکھ کر نوحہ شروع کیا۔ آج طائرانِ خوش الحان کی ہر تسبیح کل من علیہا فان کا درس ہے اور شہزادہ علی اکبرؑ کی اذان سن کر فرشتے کروبیں حکایت پر تیار ہیں۔ آسمان پر فوج کواکب درہم برہم ہوئی اور زمین پر سپاہ قلیل کے نمازی جماعت کی شکل میں منظم ہوئے۔ آقائے کونینؑ مصلے پر آئے فریضہ صبح ادا ہوگیا۔ قدرت نے والفجر ولیال عشر کی صدا دی۔ اگر یہ نماز با وضو پڑھی جاتی تو تعجب نہ تھا۔ سامنے دریائے فرات موجزن ہے مگر دشمن کا پانی پر قبضہ دیکھ کر غصہ سے ہاشمی نوجوانوں کا چہرہ تمتما گیا ہے۔ ان کی جبیں بہ جبیں ہونے سے غضبِ الٰہی کی صورت میں شفق کی سرخی افقِ چرخ پر دوڑ گئی اور گردوں سے خورشید خاور بھی کانپتا ہوا طلوع ہوا اس کا لرزہ براندام ہونا بتاتا تھا کہ مہر امامت کے زوال کا غم ہے دست شجاع سے تعقیبات میں مصروف نمازیوں کا مصافحہ کیا اور مصلیٰ جانماز سے اٹھ کر پشتِ فرش پر آئے فوجیں مرتب ہوئیں، طبلِ جنگ بجا، صلح پسند امام کے کئی احتجاج کا کوئی جواب نہ ملا، صفِ مخالف سے تیر آکے مبارز طلبی ہوئی سرفروش باری باری جان دینے لگے۔

## نیزہ بازی کا پہلا موقع

تیزہ سے جنگ فنونِ حرب کا ایک زبردست ہنر ہے اور عرب میں نیزہ بازی بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے۔ جناب امیر المومنین علیہ السلام نے اپنے خطبوں میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



بہ فخر فرمایا ہے۔ انا الطّاعن بالرمحین۔ میں نے دو نیزوں سے جنگ کی۔ آپ کا دوسرا قول الضّارب بالسّیفین کے یہ معنی اگر غلو سمجھے جائیں کہ کسی لڑائی میں دونوں ہاتھوں میں دو تلواریں لے کر لڑے تو یہ معنی ہوں گے کہ آپ نے ایک تو اس تلوار سے جنگ کی جو ذوالفقار نازل ہونے سے پہلے ہاتھ میں تھی اور پھر آسمانی شمشیر دو پیکر سے جہاد کیا لیکن الطاعن بالرمحین کے معنی صرف یہ ہو سکتے ہیں کہ آپ نے کسی جنگ میں دونوں ہاتھوں میں دو نیزہ لے کر جہاد کیا۔

اور یہ کچھ بعید بھی نہ تھا اور کوئی نئی بات نہ تھی۔ حالات حضرت ذوالقرنین[1] میں ہے کہ کان اذا حارب قاتل بیدیہ و رکابیہ جمیعاً۔

وہ جب میدانِ جنگ میں سوار ہو کر لڑتے تھے تو دونوں ہاتھوں اور دونوں پیروں سے جنگ کرتے تھے۔ گزشتہ امتوں[2] میں جو کچھ ہوا وہ اس امت میں ہونا لازم و ملزوم اور احادیث نبی صلعم سے ثابت ہے لہٰذا اگر دو نیزوں سے جہاد کیا ہو تو کیا تعجب ہے۔

تا بعین نے غزوات میں امیر المومنین علیہ السلام کے حربی کمالات اپنی آنکھ سے دیکھ کر جو کچھ بھی سبق نہ لیا ہو وہ کم ہے۔ ان کی نیزہ بازی اس واقعہ سے ثابت ہے۔

اصحابِ حسین[ع] میں ایک بزرگ تھے عمر بن قرظہ انصاری رض وہ جب شہید ہو چکے تو ان کا بھائی علی بن قرظہ جو بدقسمتی سے فوج شام میں تھا بھائی کی خبر سن کر جذبۂ انتقام میں سامنے آیا اور اس دشمن تہذیب نے مظلوم کربلا[ع] اور حضرت امیر المومنین[ع] کی شان میں ناشائستہ الفاظ استعمال کئے اور سخت لب و لہجہ میں کہا۔

---

[1] عرائس ص ۲۵۱ [2] صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۸۳ طبع مصر و مجمع البحرین لغت قذہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



تم نے میرے بھائی کو گمراہ کیا اور دھوکا دے کر اس کی جان لی۔ امامؑ نے فرمایا خدا نے تیرے بھائی کو گمراہ نہیں کیا بلکہ ان کی تو ہدایت کی۔ ہاں تجھے گمراہی میں چھوڑ دیا ہے۔ بے دین نے کہا خدا مجھے قتل کر ڈالے اگر میں تم کو قتل نہ کروں یا میں خود ہلاک ہوں۔ یہ کہا اور تلوار کھینچی۔ بھلا اصحاب با وفا اس بدبخت کی یہ گستاخی کب دیکھ سکتے تھے۔ نافع بن ہلالؓ سینہ سپر ہو گئے اور نیزہ کے ایک ہی وار میں اُسے منہ کے بل گرا دیا۔ ساتھی اس کے اسے اٹھا کر لے گئے اور مرہم پٹی کر کے اچھا کر لیا۔ (تاریخ کامل ابن اثیر ج ۴)

اس مقام پر کسی شخص کو یہ خیال نہ ہو کہ نافعؓ کا وار کیوں خالی گیا۔ ان کے نیزہ سے دشمن کا کام تمام ہو جانا چاہیئے تھا۔ کیا انہوں نے فنی غلطی کی تو اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ انصار امامؑ پیکر تہذیب و وفا تھے۔ نافعؓ نے اس اقدام میں امامؑ سے اذنِ جنگ حاصل نہیں کیا تھا اس لئے ان کا وار سبک تھا۔ انہوں نے اس حملہ میں لاف و گزاف کا جواب دیا تھا جس میں وہ کامیاب ہوئے اس کی جان لینا منظور نہ تھی۔

واقعہ کربلا میں سب سے پہلے تو ان کی شجاعت اور حسن تدبیر کے جوہر اس وقت کھلے جب وہ پانی لینے گئے اور دوسرا اقدام یہ تھا۔ اس کے بعد جو زلزلہ افگن جہاد کیا وہ بھی یادگار رہے ہے۔

جمیل جعفری حیدرآباد سندھ پاکستان

## رخصت

وہ پیکر صدق امام جو اصحاب سے شب عاشور کہہ چکا ہو کہ "دشمن کو صرف میری جان مطلوب ہے۔ اگر میں قتل کر ڈالا گیا تو میرے سوا ان کو کسی سے غرض نہیں ہے"۔

اس کے عزائم کا استحکام اور شہادت کا شوق الفاظ میں ادا نہیں ہو سکتا۔ ایک غیر شیعہ مقرر نے کہا ہے کہ ہر ناصر کی قربانی کے بعد امام عالی مقام خود

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



موت پر کمر باندھتے تھے اور اصحاب و انصار یہ ارادہ دیکھ کر گھبر لیتے تھے ان میں سے ایک دوسرے پر سبقت کر کے جو اذنِ جہاد پا جاتا تھا وہ میدان کی سمت جاتا۔ اس بیان کا متمسک روایت علل الشرائع ہے۔ ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ یا بن رسول اللہؐ! اس کا سبب کیا تھا کہ اصحاب حسینؑ با وجودیکہ جانتے تھے قتل ہو جائیں گے، پھر بھی جہاد میں ایک دوسرے پر سبقت کرتے تھے۔ حضرتؑ نے فرمایا:

انھم کشف لھم الغطاء حتی رأو منازلھم من الجنۃ وکان الرجل منھم یقدم علی القتل لیبادر الی حوراء یعانقھا والی مکانہ الی الجنۃ۔

اصحاب حسینؑ کی نظروں سے اس حد تک پردے اُٹھ گئے تھے کہ وہ بہشت میں اپنے قصر دیکھتے تھے اور ان میں کا ہر شخص پیش قدمی کرتا تھا کہ کسی طرح جلد قتل ہو کر اپنی منزل پر پہنچے اور حوروں سے بغل گیر ہو۔

(ناسخ التواریخ جلد ۶ صفحہ ۲۷۵ طبع بمبئی و جلاء العیون وغیرہ)

رخصت کے وقت نافعؒ کا بھی یہی حال تھا اور جذبِ حسینیت کے ان کے سامنے دنیا کے تمام علائق قطع ہو چکے تھے۔ جان دینا اور جان لینا صرف یہی ان کا مقصدِ واحد تھا۔

## نافعؒ کی جنگ اور رجز

ظہر کے پہلے یا کچھ بعد اجازت لے کر میدان میں آئے رجز پڑھا۔ طبری نے ان کے رجز میں یہ دو مصرعے لکھے ہیں:

انا الجملی  انا علی دین علی

میں قبیلہ جمل کا ایک سپاہی ہوں۔ میں علیؑ کے دین پر ہوں۔ محمد بن خاوند

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



شاہ بلخی نے روضتہ الصفا میں و دینہ دین النبیؐ تیسرے مصرعہ کا اضافہ کیا ہے وہ علیؑ جن کا دین اور رسولؐ کا دین ایک ہے۔

یہ رجز سُن کر ایک شخص مزاحم بن حریث لعہ نامی صف دشمن سے نکلا اور جواب میں کہنے لگا۔ "میں فلاں کے دین پر ہوں"۔ نافعؒ نے کہا تو شیطان کے دین پر ہے۔

رجز کے بعد حملہ کیا۔ نافعؒ تیر اندازی میں ماہر تھے اور جدت یہ کی تھی کہ اپنے تیروں کے سوفار پر اپنا نام لکھ رکھا تھا اور یہ سب تیر زہر میں بجھے ہوئے تھے۔ اِن خون آشام تیروں سے بارہ [12] کافروں کو ہلاک کیا اور بہتیرے زخمی ہوئے جن کو زہر کے اثر نے زندہ رہنے نہ دیا۔ تیروں کے ختم ہونے پر تلوار نیام سے کھینچی اور دست بدست جنگ کی نوبت آئی۔ اس جنگ میں دشمنوں نے ان کا حوصلہ پورا ہونے نہ دیا اور ہر طرف سے گھیر کر محاصرہ میں لے لیا اور ایک تن تنہا پر سینکڑوں ٹوٹ پڑے۔ اس بزدلانہ حملہ میں ان کے دونوں بازو ٹوٹ گئے اور حضرت مسلمؑ کی طرح گرفتار ہو گئے۔

## شہادتِ نافعؒ

شمر لعہ چند کافروں کے ساتھ ان کو گرفتار کر کے عمر سعد لعہ کے پاس لے گیا اس نے کہا نافع تم نے اپنی جان کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ نافعؒ نے کہا میرے دل کے حال سے تو خدا واقف ہے۔ اس وقت ان کی داڑھی پر خون بہہ رہا تھا اور اسی عبرتناک عالم میں وہ کہہ رہے تھے:۔

"قسم خدا کی میں نے تم میں بارہ آدمی جان سے مارے ہیں! زخمی اس کے علاوہ ہیں۔ میں خوش ہوں کہ میں نے اپنے فرض کے ادا کرنے میں کوتاہی نہیں کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اور اگر میرے بازو ٹوٹ نہ جاتے تو تم مجھ کو اس طرح ہرگز گرفتار نہ کر سکتے۔"
شمر لعین نے کہا کہ اس شخص کو زندہ رہنے نہ دیا جائے۔ عمر سعد لعین نے کہا کہ تم گرفتار کر کے لائے ہو تمہیں کو اختیار ہے، اس نے تلوار کھینچی۔ نافع رض نے کہا اگر تم مسلمان ہوتے تو کبھی ہمارے خون سے ہاتھ رنگین نہ کرتے۔ خدا کا شکر ہے کہ اس نے ہماری موت اپنی مخلوق میں سے بدترین انسان کے ہاتھ سے قرار دی۔ ظالم شمر لعین نے بیدردی کے ساتھ بے دست و پا پر تلوار لگائی اور نافع رض جان بحق تسلیم ہو گئے۔ (تاریخ طبری)

آقائے دربندی مؤلف اکسیر العبادات المتوفی ۱۲۸۶ھ نے شہاب الدین عاملی کے مقتل سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے تین سو کوفی و شامی قتل کئے اور جب گرفتار ہو کے پسر سعد لعین[۱] کے پاس آئے تو اس نے کہا لله درك ما اشد نصرتك للحسین، مولوی عبدالشکور صاحب پاٹا نالہ لکھنؤ نے اپنے رسوائے تاریخ اخبار میں آج سے بارہ سال پہلے مسلمانوں کو یہ مغالطہ دیا تھا کہ:۔

> حاشا و کلا بجز چند لڑکوں اور نوجوانوں کے جو خود حضرت حسین ہی کی ولایت میں تھے اور جن کی مجموعی تعداد مع اولاد کے سترہ یا زیادہ سے زیادہ بائیس تک پہنچتی ہے۔ کسی نے بھی تو ساتھ نہ دیا۔ (آفتاب شہید نمبر ۲ صفحہ ۲۷ بابت ۱۳۵۷ھ)

واقعہ کربلا میں نافع رض ایسے بوڑھے اور مقدس شخص کی شرکت بتاتی ہے کہ یزیدی دور میں مذہب پر وہ آنچ آ گئی تھی کہ عہد رسول ص کے بچے بوڑھے سب قربانی پر تیار تھے۔ دیکھنے میں تو بہتر (۷۲) نفوس تھے مگر حسینی پرچم کے نیچے دنیائے عقل و تہذیب و اخلاق علم و ادب سمٹ آئی تھی جن کے سر گردن

---

[۱] واقعہ کربلا میں ابن سعد لعین کی عمر ۹۲ سال تھی مثیر الاحزان، مولفہ عبد علی صفحہ ۱۲۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



میں شامیوں نے تفرقہ کیا۔ اس جماعت کا ہر شخص آل محمدؐ کی حقیقت پر گواہ تھا۔

## زیارت میں نافعؓ پر سلام

علامہ شیخ عبداللہ مامقانی المتوفی ۱۳۵۱ھ نافعؓ کے حالات لکھ کر آخر بیان میں تحریر کرتے ہیں وقد ورد التسلیم علیہ فی الزیارۃ الرجبیہ وزیارۃ ناحیہ المقدسہ وکفاہ شرفاً وفضلاً۔ ماہ رجب میں جو زیارت پڑھی جاتی ہے اس میں اور نیز زیارت ناحیہ ہفتاد و دوتن میں نافع پر سلام بھی وارد ہوا ہے جو ان کے فضل و شرف کے لئے کافی ہے۔

(تنقیح المقال طبع نجف اشرف ۱۳۵۲ھ ص ۲۶۶)

زیارت ناحیہ میں جو سلام ہے اس کے حسب ذیل الفاظ ہیں:۔

"السلام علی نافع بن ھلال بن نافع البجلی المرادی"

سلام ہو نافعؓ پر جو ہلال کے بیٹے اور نافع کے پوتے تھے قبیلہ بجلی اور مراد سے اُن کا وطنی تعلق تھا۔

---

حیدرآباد لطیف آباد یونٹ نمبر ۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



## منظوم سوانح عمری

# نافع بن ہلالؒ

از نتیجہ فکر۔ جناب مولوی شبیر حسین صفا الہ آبادی

نافع بن ہلالؒ بڑے ذی شعور تھے
علم و عمل پہ خاص طرح پر عبور تھے

نافع بن ہلالؒ بڑے ہونہار تھے
طور و طریق چال چلن خوشگوار تھے

نافع بن ہلالؒ کا ہے خاندان جُدا
یہ لوگ اہل بیت نبوتؐ پہ تھے فدا

بجلی کا جو قبیلہ ہے اس سے ہے رابطہ
مذحج کے نسل خاص سے رکھتے ہیں سلسلہ

باب دیار علم کی صحبت کے فیض سے
ہر طرح کے علوم کی نعمت یہ پاتے تھے

نافع بن ہلالؒ صحابی علیؑ کے تھے
الفت میں شہہ کے صرف دل و جان کرتے تھے

نافع بن ہلالؒ شریف و رئیس تھے
اوصاف جس قدر تھے درست و نفیس تھے

ہر سمت یہ بزرگ تھے مشہور برملا
یہ قوم میں رئیس گنے جاتے تھے سدا

یہ تھے بڑے بہادر و جانباز قوم میں
مشغول رہتے تھے یہ صلواۃ اور صوم میں

قاری کلامِ پاک کے یہ بے نظیر تھے
ابنائے روزگار میں روشن ضمیر تھے

قرآن سارا حفظ تھا قرأت تھی لاجواب
حفّاظ آکے سنتے تھے اور ہوتے تھے حجّاب

تفسیر اور معانی پہ کافی عبور تھا
تعلیم سے علیؑ کے یہ حاصل شعور تھا

منشی تھے خط بھی ان کا بہت بے مثال تھا
اہلِ کمال میں انہیں حاصل کمال تھا

ہمعصر ان کو مانتے تھے اپنا پیشوا
منشی کا پھر خطاب بھی نافعؒ کو تھا ملا

جس نے رسولِ پاکؐ کو دیکھا وہ تابعی
قولِ رسولؐ پر ہو جو عامل وہ ناصری

پائے انہوں نے صحبتِ اصحابِ احمدی
سب تابعین کہتے تھے نافعؒ کو تابعی

صحبت میں خاص کر یہ اماموں کی رہتے تھے
اور آخرت سنوار کے اچھا بناتے تھے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



برسوں یہ رزم بزم علیؑ میں رہے شریک — ہر بات ان کی راست تھی ہر فعل انکا ٹھیک
اپنی نہ شان لوگوں کو بالکل دکھاتے تھے — سب لوگ اُنہیں فہم ذکا عام پاتے تھے

## پیدائش

سالِ ولادت ان کا ہے کمیاب بالیقیں — تاریخ بھی کتابوں سے ثابت نہیں کہیں
ساری کتابیں خالی نظر آتی ہیں ہمیں! — پھر کس طرح سے حالِ ولادت کا ہم لکھیں
انصارِ کربلا کے ولادت کا ماجرا — تفصیل سے نہیں کسی راوی نے ہے لکھا
لکھتے نہیں تھے دل میں اُسے یاد رکھتے تھے — موقع جب آتا صاف بیاں اسکو کرتے تھے
افسوس اُن حدیثوں کا کوئی نشاں نہیں — جو کچھ بیاں کیا وہ تہہ آسماں نہیں
صحبت سے مرتضیٰؑ کے ملا تھا یہ سب ہنر — واقف نہیں تھے کچھ بھی زمانہ میں پیشتر
مولائے مومنینؑ کے صحبت کے فیض سے — یہ نیک دل ہوئے تھے محبت کے فیض سے
ہر شخص ان کی کرتا تھا تعظیم خلق میں — مشہور ہر طرح ہوئے تکریم خلق میں
مسند پہ علم کے تھے محدث کی شان سے — میدانِ جنگ میں تھے سپاہی کی آن سے
حاصل فیوض تین اماموں سے تھے کئے — مولا علیؑ امام حسنؑ اور حسینؑ سے
حضرت علیؑ کی خدمتِ اقدس میں یہ رہے — صفین و نہروان و جمل میں تھے خود لڑے
اپنی بہادری و شجاعت دکھائی سب — حضرت حسنؑ کے دور میں سہتے رہے لقب
زندہ خدا نے رکھا اسی واسطے انہیں — تا جنگ کربلا کی سعادت ملے انہیں
منظور تھا خدا کو یہ امتحان بھی — لڑتے ہیں بھوکے پیاسے بھلا کس طرح جری

دیرینہ خادموں میں بھی نافعؒ کا نام تھا
خدمت سے اہلبیتؑ کے یہ مرتبہ ملا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



## بچپن اور تعلیم و تربیت

اسلام کے طریق پر نشوونما ہوئی — وہ بچپنے کی عمر اسی طرح کٹ گئی
جب ہوش کو سنبھالا ہوا شوق علم کا! — ذوقِ حصولِ علم فقط مدعا رہا
ساری توجہ اپنی اسی سمت موڑ دی — جو راہ سدِ راہ تھی وہ راہ چھوڑ دی

ممدوح کی وہ ذاتِ گرامی ہے بے مثال
جس میں کسی طرح بھی نہیں دخل قیل و قال

## اوصافِ ذاتی

علم و کمال فہم شناسی بہادری — انصاف اور شجاعت و حکمت دلاوری
تھے زیورِ کمال سے آراستہ تمام — اک دفترِ حیات تھے اوراق صبح و شام
جوہر مزاج طینت فاضل دکھاتے تھے — بیگانہ کو یگانہ برابر بناتے تھے
مشہور تھا کہ نافع بڑے ہی ذہین تھے — اقوالِ مرتضیٰ کے پورے امین تھے
کرتے تھے یہ بیان حدیثِ شہرِ زمانؑ — سب لوگ جس کو سن کے کیا کرتے تھے بیان
اب ان حدیثوں کے نہ کہیں بھی نشان ہیں — خالی پڑی کتابیں تہہ آسمان ہیں
نافع بن ہلالؒ اطاعت گزار تھے — ہر چیز پر نظر تھی کفایت شعار تھے

سنتے تھے جو کلام اُسے یاد رکھتے تھے
ہر طرح مطمئن دلِ ناشاد کرتے تھے

## نیزہ بازی و تیر اندازی

سیکھا تھا علم تیر و کماں اپنے شوق سے — مصروف سیکھنے میں ہوئے اپنے ذوق سے
تیروں کو اپنے خاص طرح سے بناتے تھے — سوفار پر بھی نام کو اپنے دکھاتے تھے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ہر تیر زہر خاص میں لے کر بجھاتے تھے — ہر زہ پہ بس ظفر کی صدائیں سناتے تھے
مشہور نیزہ باز تھے نافع بن ہلالؓ — اس فن کے سیکھ لینے میں حاصل کیا کمال
نافعؓ کا یہ بڑھاپا انس اور زید سے — تھا شاندار زیادہ زمانہ کی قید سے
جدت نئی ہر ایک کو اپنی دکھاتے تھے — تیروں پہ نام لکھ کے جہاں کو بتاتے تھے
بارہ تھے تیر بارہ کو بے جان کر دیا — اس کے علاوہ اوروں کو زخمی بنا دیا
اس کے علاوہ اور بھی زخمی ہوئے کئی — اس زہر کے سبب سے نہیں پائی زندگی

جب تیر ختم ہو گئے تلوار کھینچ لی!
پھر دو بدو مصاف کی نوبت بھی آ گئی

## معرکہ جنگ

قبل از نماز ظہر ملا اذن جنگ کا — آ کر رجز سنانے لگے بندۂ خدا
میں ہوں جمل گھرانے کا ممتاز نامور — تیر افگنی میں مجھ سا نہیں ہے کوئی بشر
اس جنگ میں نہ حوصلہ پورا ذرا ہوا — تنہا پہ سیکڑوں نے کئے وار برملا
اس بزدلانہ حملے سے بازو جدا ہوئے — مجبور جب ہوئے تو گرفتار ہو گئے
شمر لعیں نے مل کے گرفتار کر لیا — اور پاس ابن سعد لعیں کے ملعون لے گیا
کہنے لگا کہ زندہ نہ اب اس کو چھوڑیئے — جو حوصلہ یہ رکھتے ہیں ان سب کو توڑیئے
یہ بولا ابن سعد لعیں تجھے اختیار ہے — جس طرح چاہے قتل کرے اختیار ہے
تلوار اس نے کھینچی تو نافعؓ نے یہ کہا — ہوتا جو تو مسلمان تو کرتا نہ تو دغا
نیت ہر ایک کام کی ہوتی ہے ابتدا — نیت ہی دیکھتا ہے وہ معبود کبریا
شکر خدا کہ موت مجھے پر بہار دی — مخلوق بدترین کے ہاتھوں قرار دی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



بے دست و پا پہ شمرِ لعیں نے تلوار مار دی
نافع رح کی روح پاک جناں کی طرف گئی

خالق نے اپنے فضل سے عزت یہ دی اسے
حُبِّ علیؑ سے خاص یہ عظمت ملی اسے

دینِ علیؑ پہ رہ گیا قائم یہ اس کا دین
افضال کبریا سے ملا رتبۂ حسینؑ

اُلفت نے اہلبیت کے ثمرہ اسے دیا
اب ہے شہیدِ راہِ خدا شکر کی ہے جا

نافع بن ہلال رح پہ بھیجو صفا سلام
یارب یہ داستاں ہو مقبول خاص و عام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# ہلال ابن نافعؒ

## ابتدائی حالات اور معرکۂ کربلا میں ہلالؒ کی شرکت

مجلسی علیہ الرحمہ، سپہر کاشانی، فاضل وہدشتی اور دیگر اربابِ مقاتل نے نافع ابن ہلالؒ کے ساتھ ہلال بن نافعؒ کی شہادت بھی لکھی ہے ابومخنف لوط بن یحییٰ ازدی نے ان کے حالات میں لکھا ہے قد ربّاہ امیرالمومنین علیہ السلام۔ ان کی پرورش امیرالمومنین حضرت علیؑ نے کی تھی۔ اس بیان کو روزِ عاشور ان کے نو داماد ہونے کی روایت سے مدغم کرنے کے بعد نتیجہ نکلتا ہے کہ زمانہ حضرت امیرالمومنینؑ میں ان کا سنِ طفولیت تھا۔ اور واقعہ کربلا میں وہ کم و بیش پچیس ۲۵ سال کے جوان تھے۔

## واقعہ کربلا میں شرکت

منتخب طریحی کے ایک خطی نسخہ سے واضح ہوتا ہے کہ دشت نینوا میں پہنچنے سے پہلے جبکہ امامؑ کا قافلہ راہ میں تھا اس وقت ہلالؒ آکر شامل ہوئے ہیں اور خبر شہادت مسلمؑ بھی انہیں سے معلوم ہوئی۔

قال الراوی فبینما الحسین فی السیر اذ طلع علیہ رکب مقبلون من الکوفۃ و فیھم ھلال بن قیس بن نافع البجلی و عمر بن خالد فسألھما عن الناس فقالا اما الاشراف فقد استمالھم ابن زیاد بالاموال و اما باقی الناس فقلوبھم معک و سیوفھم علیک و بلغاہ الخبر من مسلم بن عقیل و ھانی بن عروۃ

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



انھما قتلا فقال انا للہ و انا الیہ راجعون ثم قال الراکب ولکم علی برسولی قالو انھم قتلہ ابن زیاد فاسترجع و بکی و قال جعل اللہ لہ الجنۃ ثوابا" اللھم اجعلہ لنا و لشیعتنا منزلاً کریماً انک علی کل شئ قدیر۔

**ہلال کی آمد**

راوی کہتا ہے امام حسینؑ ابھی راستہ ہی میں تھے کہ کوفہ سے کچھ سوار آتے ہوئے دکھائی دیئے جس میں ہلال ابن قیس بن نافع بجلیؒ اور عمر بن خالدؒ تھے (حسینی جوانوں نے) اُن سے مردم دکوفہ کا حال پوچھا اور دونوں نے یک زبان ہوکر کہا کہ وہاں کے بڑے لوگوں کو ابن زیادلعین نے مال و دولت دے کر اپنا کر لیا ہے۔ اب رہے عوام تو اس میں شک نہیں کہ ان کے دل آپ کی طرف مائل ہیں مگر تلواریں آپ کے خون کی پیاسی ہیں۔ انہیں دونوں شخصوں نے حضرت مسلمؑ اور ہانیؒ (جگر پاش) خبرِ شہادت بھی سنائی۔ امامؑ نے انا للہ و انا الیہ راجعون فرمایا اور پوچھا کہ تم کو میرے نامہ بر (قیس بن مسہرؒ) کا بھی کچھ پتہ معلوم ہے۔ عرض کیا ہاں وہ بھی ابن زیادلعین کے ہاتھ سے قتل ہوگئے۔ پھر کلمۂ انا للہ فرمایا اور روئے اور کہا خدا اس (مردمیدان کے حسن خدمات کے صلہ میں) بہشت میں جگہ دے بار الہا ہمارے لئے اور ہمارے شیعوں کے لئے جنت میں ایک باعزت جگہ قرار دے تو ہر چیز پر قادر و توانا ہے۔"

اس بیان کو ہم اس غرض سے بھی ہدیۂ ناظرین کرتے ہیں کہ اس میں ہلال کی ولدیت "قیس" ہے۔ "ہلال بن قیس بن نافع" بظاہر ایسا معلوم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



ہوتا ہے کہ بجائے باپ کے دادا کا نام ولدیت میں "ہلال بن نافع" مشہور ہو گیا اور یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ اس انکشاف کے بعد وہ شبہ بھی دور ہو جاتا ہے کہ نافع بن ہلالؒ اور ہلال بن نافعؒ ایک شخص تھے۔

اب رہا یہ امر کہ رفیقۂ حیات کے ساتھ ہونے کی کیا وجہ تھی۔ پھر اس نامراد بیوی کا کیا حشر ہوا۔ ہر عنوان کی تفصیل زیر نقاب ہے مگر اس سن و سال میں ان کی قربانی سے واضح ہوتا ہے کہ جوان صالح اور حق کے ساتھی تھے مادیت سے سن شباب میں منہ موڑ چکے تھے۔ اموی دولت جس کو دنیا مایۂ انبساط سمجھ رہی تھی اور جرائم و عصیان کے کوچہ میں پہنچانے کے لئے جو بے عقل انسان کے حق میں مشعل راہ کا کام دیتی تھی۔ اس کو ناپائدار سمجھا۔ وقت کہتا تھا کہ ابتدائے شباب میں خوب داد عیش دیں لیکن جب تجرد کی منزلیں طے کر کے تاہل کے جادہ پر آئے تو امامت کی جھلملاتی ہوئی شمع نے اپنا پروانہ بنایا اور پوری توجہ حسینیت کی جانب منعطف کر دی۔ سپہر کاشانی لکھتے ہیں:

"ہلال بن نافع بجلی جوانے بدیع جمال و نیکو اندام بود دوشیزہ
در خطبہ داشت کہ ہنوز بادے طریق مضاجعت نسپردہ"

(ناسخ التواریخ)

ہلال بجلی نافع کے چشم و چراغ بڑے خوش جمال و خوش اندام تھے۔ ان کی منگیتر جس کو بیاہ کر لائے تھے ساتھ تھی مگر لطف حیات اٹھانے نہ پائے تھے کہ روحانیت کی فوج میں نام لکھوایا۔

**اطلاع**:۔ عرب میں دو قبیلے ہیں جن کو بجلی کہا جاتا ہے ایک یمن میں ہے جس کو بجلی (بالتحریک) کہتے ہیں اور وہ ایک عورت کی نسل ہے جس کا نام بجیلہ تھا دوسرا بطن بنی سلیم سے ہے جس کی طرف نسبت پانے والے بجلی بالسکون ہے۔

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# واقعۂ کربلا میں خدمات

## ہلال بن نافع رح کی ذاتی خصوصیات

علامہ محمد باقر بن عبدالکریم وہرشتی لکھتے ہیں :-

لما نزل الحسین علیہ السلام فی کربلا کان اخص اصحابہ واکثرھم ملازمۃ لہ ھلال بن نافع سیمانی منظان الاغتیان لانہ کان حازماً بصیراً بالسیاستہ ۔

(دمعہ ساکبہ)

جب آقائے کونین ؑ کربلا کی زمین پر پہنچے تو اصحاب میں بہت ہی خاص درجہ کے مالک اور سب سے زیادہ ساتھ رہنے والے نافع کے پسر ہلال تھے ۔ وہ دشمن سے خطرات کی منزل میں بہت ہوشیار اور سیاست وقت سے باخبر تھے ۔

## شب عاشور

**روایت ہلال بن نافع رح** کربلا میں شب عاشور ہلال کی روایت مشہور ترین واقعہ ہے جس کو فاضل کامل مولانا محمد باقر بن عبدالکریم وہرشتی نے حالات شب عاشور میں نقل کیا ہے مگر سیاق عبارت سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ زندگی کی آخری شب کا یہ واقعہ ہے ۔ ممکن ہے نویں شب کی سرگزشت ہو ۔ البتہ یہ مسلّمہ حقیقت ہے کہ یہ اس وقت کا ذکر ہے جب حسین ؑ اور اصحاب پر سختی بڑھ رہی تھی اور فوج قلیل کا ہر سپاہی خطرہ کا منتظر تھا ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



امامؑ عصمت سرا سے برآمد ہوئے اور کچھ دور نکل گئے۔ ہلال کی نظر پڑی۔ تلوار لے کر اٹھ کھڑے ہوئے اور پھرتی سے قریب پہنچے دیکھا کہ امامؑ تاریکی شب میں زمین کی پستی اور بلندی کو دیکھ رہے ہیں۔ یکایک پلٹ کر پوچھا تم ہو ہلال۔ عرض کیا خدا مجھے آپ پر فدا کرے[۱]۔ اس اندھیری رات میں سرکش دشمن کی فوج کی طرف آپ کے نکلنے سے مجھے بڑا ہی قلق ہے۔ فرمایا ہلال میں اس لیے نکلا ہوں کہ اگر دشمن کی طرف سے ہجوم ہو تو اسی بلندی پر خیمے نصب کر دیئے جائیں۔ ہلالؒ کہتے ہیں یہ فرماتے ہوئے اس شان سے پلٹے کہ میرا ہاتھ ہاتھ میں تھا اور زمین پر نظر کر کے کبھی فرماتے تھے "یہی یہی" کبھی کہتے "وعدۂ الٰہی میں نہیں نہ ہوگی"۔ پھر فرمایا اے ہلال تم اس وقت ان دونوں پہاڑیوں میں سے (جو سامنے ہیں) ہو کر چلے جاؤ اور اپنی جان بچاؤ۔ ہلالؒ یہ سن کر قدموں پر گر پڑے اور کہا میں اس وقت تک آپ کا ساتھ نہ چھوڑوں گا جب تک جان میں جان ہے۔ ان باتوں کے بعد جناب زینب علیہا السلام کے خیمے میں آئے۔ بہن نے بھائی کو مسند پر بٹھایا اور آہستہ آہستہ کچھ باتیں ہوئیں۔ دیر نہ گزری تھی کہ شاہزادی نے بلند آواز سے فرمایا اے بھیّا آپ نے ناصروں کو ان کے مرنے کی جگہیں تو دکھائیں لیکن (ان عورتوں کے نازک دلوں میں) دشمن کی جو دہشت ہے (اس کو دیکھتے ہوئے سوال پیدا ہوتا ہے کہ) ان کا امتحان بھی لے لیا ہے؟ دشمن کو آپ سے دیرینہ کینہ ہے اور یہ عداوت ان کی قدیم ہے جو آپ جانتے ہیں میرے اوپر بھی ان منتخب روزگار جوانوں کے قتل ہونے اور بنی ہاشم کے چاندوں (کے غروب ہونے) کا (حادثہ) شاق ہے (مگر یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ) ان کا ضمیر بھی آپ کو معلوم ہے۔ مجھے ڈر یہ ہے کہ آپ کو دشمن

---

۱ سب سے پہلے جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے جعلت فداک کا لفظ پیغمبر خداؐ کے لیے استعمال کیا۔ (کاس المساکین)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کے حوالے اور نیزوں کی باڑھ کے سپرد نہ کر دیں اور ظلم (کی گھٹا ہم پر) چھا جائے۔

امامؑ رونے لگے اور (ذمہ دارانہ لب و لہجہ میں) فرمایا لبس فیھم الا الاشوس الاقعس بہن ان میں نہیں ہیں مگر وہ جو مرنے پر جری اور ارادہ میں پکے ان کو موت سے اتنی ہی محبت ہے جیسے بچہ کو ماں کے دودھ سے ہوتی ہے۔

ہلالؒ نے جب یہ سُنا تو روئے اور حبیب ابن مظاہرؒ کے خیمہ کی طرف چلے۔ دیکھا وہ ننگی تلوار لئے بیٹھے ہیں۔ سلام کر کے قریب آئے۔ حبیبؒ نے پوچھا ہلال کیوں نکلے۔ ہلالؒ کہتے ہیں میں نے سب حال سُنا دیا۔ حبیبؒ نے کہا قسم خدا کی اگر وقت کا انتظار نہ ہوتا تو ہم جلدی کرتے اور اسی رات دشمن کا تلوار سے علاج (شروع) کر دیتے۔ ہلالؒ نے کہا اے حبیب میرے۔ میں آقائے کونینؑ کو بہن کے خیمہ میں چھوڑ آیا ہوں اور (ثانی زہراؑ) پردیس میں (دشمن کی اکثریت سے) گھبرا رہی ہیں۔ میں نے مخدرات عصمت کی صدائے نوحہ و شیون سُنی۔ بہتر ہو گا کہ ہم در خیمہ پر جا کر ان کو اطمینان دلائیں تاکہ ان کے دل ٹھہریں اور دشمن کا ہراس جاتا رہے۔ (اے حبیبؒ میں نے وہ منظر چشم دل سے) دیکھا ہے کہ میں بیتاب ہوں۔ حبیبؒ نے کہا کہ اچھا اپنے ارادہ کو عملی جامہ پہناؤ (تقریر سے متاثر ہو کر حبیبؒ نوحہ کرتے ہوئے ایک سمت اور ہلالؒ دوسری طرف گئے اور تمام انصار کو جمع کیا۔ صدا پر بنی ہاشم بھی خیموں سے نکل آئے (چونکہ ان کی وفا پر اطمینان تھا) ہلالؒ نے کہا آپ اپنے اپنے ٹھکانے پر جائیں خدا آپ کی آنکھوں کو بیداری کی زحمت نہ دے۔

جب سب جمع ہو گئے تو حبیبؒ نے اصحاب سے خطاب کیا۔ اے ہیبت ناک شیرو! یہ ہلال ہیں۔ انہوں نے خبر دی ہے ہمارے سردار کی بہنؑ اور اہلبیتؑ کا رہا سہا عنصر تم سے شک اور شبہ میں ہے (لہٰذا) تم بتا دو جس نقطۂ وفا پر ہو تمام مجاہدوں نے تلواریں کھینچیں، عمامے سروں سے آتارے اور کہا اے حبیبؒ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



خدا کا احسان ہے کہ ہم کو یہ دن دکھایا ہے۔ یہ قوم جب ہم پر حملہ کرے گی تو سروں کی بارش ہوگی۔ اور (تو یہی) کہ ان کے بڑوں سے ملائیں اور رسول ص کی وصیت جو ذریت کے بارے میں تھی اس کی حفاظت کریں گے۔

حبیبؒ نے (اپنی طرف سے اطمینان حاصل کرنے کے بعد) اصحاب سمیت طناب خیمہ کے سامنے ٹھہر کر صدا دی اے ہمارے سردار یہ آپ کے ناصروں کی کھینچی ہوئی تلواریں ہیں۔ انہوں نے قسم کھائی ہے جو آپ کا برا چاہے گا یہ اس کی گردنوں پر گریں گے ان نیزہ باز نوجوانوں نے عہد کر لیا ہے کہ جو آپ کی جماعت کو پراگندہ کرے، ان کے سینوں میں اپنے نیزے اتار دیں گے۔

امامؑ نے (یہ پُر جوش کلمات سُن کر) فقال اخرجن علیہم یا آل اللہ۔ خدا کی پیرو بیبیوں کو آواز دی کہ سب اپنے خیموں سے نکل کر (خیمہ جناب زینبؑ میں قریب در) آئیں۔ اصحاب کی صدائیں کان میں پہنچیں اور عقب پردہ سے (اضطراری عالم میں) آواز دی حاموا ایھا الطیبون عن الفاطمیات اے پاکیزہ (طینت پاکیزہ خیال اصحاب) اولاد فاطمہؑ سے دشمنوں کو دور کرنے میں مدد کرو تمہارا کیا حال ہوگا، جب نانا ہمارے رسول خدا صلعم کا قیامت کے دن سامنا ہوگا اور ہم ان سے اپنی مصیبتیں بیان کریں گے[1]

(ہلالؒ کہتے ہیں) یہ دل دوز صدا حبیب ابن مظاہرؒ اور سارے بہادروں نے سُنی تو قسم ہے اس خدا کی جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اصحاب میں وہ جوش اور ہنگامہ برپا ہوا کہ کبھی یہ بے چینی اور اضطراب نہ دیکھا تھا۔ بے زبان گھوڑے اصطبل سے ہنہناتے ہوئے نکل کر خیموں کے گرد پھرنے لگے اور ہر مرکب اپنے راکب کو پکار کر وفا کا اقرار کر رہا تھا۔

(دمعہ ساکبہ طبع ایران صـ ۲۹۳ الطبع ۱۳۰۵ھ)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



محترم مولف نے یہ بیان شیخ مفید علیہ الرحمہ کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور اسے شیخ مفید کی کتاب ارشاد میں نہ ہونے سے صحت واعتبار کے جادہ سے دور سمجھنا صحیح نہیں ہے۔ ہر مولف کتاب ختم کرنے کے بعد اسی موضوع پر کچھ اور مواد پاتا ہے اور اس کو ملحقات یا دیگر یادداشتوں میں محفوظ کرتا ہے۔ یہ لازم نہیں ہے کہ واقعہ کربلا میں ان کی ساری عمر کی ریاضت ارشاد کے صفحات میں محدود ہو۔

اس کے علاوہ شیخ مفید کی تالیفات میں تقریباً ۱۵۰ کتابوں کے نام علم رجال میں موجود ہیں اور بجز چند کتب کے یہ سارا ذخیرہ کسی کتب خانہ میں موجود نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ راوی نے ارشاد کے سوا کسی اور کتاب سے نقل کیا ہو تالیفات شیخ مفید میں کتاب البراہین فی المعجزات اگر سامنے ہو تو اس روایت کے مصادر کا پتہ مل سکتا ہے۔ ہر شہید کو اس کے مرنے کی جگہ بتانا نشان اعجاز اور علم امامت کا کمال ہے ورنہ وماتدری نفس بای ارض تموت۔ مسلّمہ حقیقت ہے امامؑ کی ذات مظہر علوم الٰہی ہے۔

## صبح عاشور اور ہلال کا عہدہ

ہلالؓ کی خدمات ایسی نہ تھیں جو اُن کو فوج قلیل کا کوئی عہدہ نہ دیا جاتا۔ ابومخنف لکھتا ہے جب فوجوں کی ترتیب ہوئی تو زہیر بن قینؓ کو ۲۰ سوار دے کر میمنہ (سمت راست) پر اور ہلال بن نافعؓ کو ۲۰ سواروں کے ساتھ میسرہ پر (سمت چپ) معین کیا۔ (ترجمہ اردو مقتل ابومخنف صـ۴۸ مطبع یوسفی دہلی سنہ ۱۹۲۱ء)

ملا حسین واعظ کاشفی علیہ الرحمہ نے مسلم بن عوسجہؓ اور ان کے یتیم کی شہادت کے بعد ہلال بن نافعؓ کی جنگ لکھی ہے۔ وہ سرنامہ سخن میں رقم طراز ہیں:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


"اگرچہ نامش ہلال بود اما جمالش چوں بدر درجۂ کمال بود و دراں نزدیکے خلعت تو دامادی پوشیدہ و از جام ازدواج شربت ابتہاج نوشیدہ بُد"

تمام ان کا ہلال تھا لیکن جمال میں چودھویں رات کے چاند کی طرح خوبصورت تھے اور ان کی شادی قریبی زمانہ میں ہوئی تھی اور لطف ازدواج اٹھانے نہ پائے تھے جب مرنے پر کمر باندھی تو عروس نے دامن تک ہاتھ پہنچایا اور کہا لڑنے نہ جاؤ ایسا نہ ہو کہ جان جاتی رہے۔ ہلالؒ نے کہا اے نادان تجھ سے دور ہوں کیونکر ہو سکتا ہے کہ میں اپنے ساتھیوں میں کسی سے گھٹ کر رہوں۔ میرا دل دنیا سے بھر گیا ہے۔ حسینؑ میرا شاہزادہ ہے اس کی نصرت میں میں نے جان دینے کا ارادہ کر لیا ہے۔

بعہد محبت وفا می کنم　　　بہ خاک درش جان فدا می کنم

آج مودت نے الفت کا جو عہد و پیمان لیا تھا اس کو پورا کرتا ہوں اور ان کی چوکھٹ پر جان نثار کرتا ہوں۔

یہ باتیں امامؑ کے سمع ہمایوں تک پہنچیں۔ فرمایا اے بھائی تیرے عیال کی نظریں تجھ پر ہیں۔ میں نہیں چاہتا کہ ایک دوسرے کے فراق میں گرفتار ہو۔ ہلالؒ نے کہا اے فرزند رسولؐ اگر آج آپ کو مصیبت میں چھوڑ دوں اور عیش و عشرت میں پڑ جاؤں تو کل قیامت کے دن آپ کے ناناؐ کو کیا جواب دوں گا۔ اور ان کے سامنے کیا عذر کروں گا۔ یہ کہہ کر اجازت حاصل کی اور میدان نبرد کا ارادہ کیا۔ فولاد کو خود سر پر رکھا کلف ماہتاب کی طرح چمکتی ہوئی گول ڈھال پشت پر لگائی ترکش میں تیر بھر کر کمر میں جگہ دی زہر میں بجھے ہوئے زمردی رنگ تیر عقاب کی طرح (اڑنے پر تیار) بجلیاں گرانا جس کا کام تھا وہ یمن کی جوہر دار تلوار حمائل کی۔ ہلالؒ وہ تیرانداز ہیں جن کا تیر شکاری پرند کی طرح دشمن کے جگر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کے سوا کچھ کھاتا ہی نہیں اور تیز باز کی طرح وقت شکار صرف دل کو صید کرتا ہے۔

ے تیرا و چوں بنہد چشم برابروی کماں زہ بگوش ظفر آید ز زبان سوفار

# ہلالؓ کی جنگ

ہلالؓ بجلی کی طرح دوڑتے ہوئے اور چاند کی طرح تابندہ رو میدان میں پہنچے اور ایک فصیح و بلیغ رجز پڑھ کر مبارز طلب کیا۔ صفِ دشمن سے قیسؔ نامی پہلوان نکلا۔ ابھی دو سو قدم پر تھا ہلالؓ نے ایک تیر کمان میں جوڑ کر پھینکا جو اس کے سینہ پر پڑا۔ قیس نے سپر اٹھائی تیر پشت کو توڑ کر زمین میں در آیا۔ لشکرِ مخالف اس تیر کی تباہی سے ایسا ڈرا کہ پھر کوئی سامنے نہ آیا۔ ہلالؓ نے قلب لشکر کی طرف رُخ کیا اور تیر سے ایک افسر کو اُلٹ دیا۔ ان کے ترکش کے چھوٹے تیروں نے بھی جن کو تیر اندازی کی اصطلاح میں خدنگ کہتے ہیں۔ (بحر ضلالت کے ایک ایک) گھڑیال کو بے جان کر دیا ؎

چوں دستش کماں را بیارا ستی زمبازہ زہر گوشہ برخاستی

اسّی تیر ان کے ترکش میں تھے۔ ہر تیر سے ایک سپاہی کو ہلاک کیا۔ جب تیر تمام ہو گئے تو تلوار نیام سے کھینچی اور دست بدست جنگ شروع ہوئی۔ اور فوج دشمن کے سر گرانا شروع کئے یہاں تک کہ ان کے پاک و پاکیزہ جسم کا طائر روح ہاتف غیبی کی صدا ارجعی الی ربک[۱] سُن کر فادخلی فی عبادی کے آشیانہ میں پہنچا۔ (روضۃ الشہداء)

**دونوں مجاہدوں میں فرق** یہ وہ بیان تھا جو ملا حسین کاشفی کے مقفٰی مسجع رشحات افکار کا لفظ بہ لفظ ترجمہ ہے

---

[۱] یہ آیہ کریمہ امام حسینؑ کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ ناسخ التواریخ ج ۶ ص ۱۶۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اس میں کہیں ہلال بن نافعؒ کے بازو لوٹنے کا ذکر نہیں ہے نہ ان کی گرفتاری اور شمرلعین کے قتل کرنے کا کچھ پتہ ہے نافع بن ہلالؒ اور ہلال بن نافعؒ کے حالات میں صرف تیر اندازی مشترک صفت ہے جس سے مقصد پر کوئی بُرا اثر نہیں پڑتا۔ اگر تلوار ہر سپاہی کی جان ہوتی ہے تو ترکش کا تیروں سے لبریز ہونا بھی قانونِ جنگ ہے۔ لہٰذا ہلالؒ کے حالات نافعؒ کے حالات سے ماخوذ نہیں ہیں بلکہ حسبِ ذیل تفرقہ ہے:

(۱) سن وسال میں فرق ہے۔ وہ کبیر السن اور یہ نوعمر (۲) نافع بن ہلالؒ تنہا تھے اور ہلال بن نافعؒ کے ساتھ ان کی بی بی بھی تھیں۔ (۳) نافعؒ کی شہادت گرفتاری کے بعد ہوئی اور ہلالؒ نے میدانِ جنگ میں دم توڑا۔ (۴) نافعؒ کی باتوں میں خاندانِ رسالتؐ کی تین پشت کے حالات پر بحث ہے جو عمرِ طویل کی دلیل ہے اور ہلالؒ کے رجز میں جیسے ہم عنقریب درج کرتے ہیں ان کی جوانی کا پہلو ہے اوّل الذکر ضعیف اور عہدِ رسولؐ دیکھے ہوئے اور موخر الذکر نوجوان اور تازہ داماد۔

## رجز

ناسخ التواریخ کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ ہلالؒ نے دو رجز پڑھے ہیں۔ رجز کا ناقل ابو مخنف ہے۔

ارمی بھا معلمۃ افواقھا مسمومۃ تجری علی اخفاقھا

لاملئن الارض فی اخلافھا فالنفس لا ینفعھا اشفاقھا

ان تیروں کو چلاؤں گا جن کے سوفاروں پر نشان لگے ہوئے ہیں (وہ) زہر میں بجھے ہوئے ہیں اور پر لگا کر اُڑ رہے ہیں۔ ان کے ختم ہو جانے پر زمین کشتوں سے بھر دوں گا جس وقت موت سر پر آ پہنچے تو خوف کھانا کسی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



نفس کے لیئے فائدہ مند نہیں۔ (ترجمہ مقتل ابی مخنف)

دوسرا رجز وہ ہے جو اس جوشیلے مجاہد نے تلوار کھینچنے پر پڑھا۔

انا الغلام الیمنی البجلی دینی علی دین حسین بن علی

ان اقتل الیوم فھذا املی فذاک رأئی و الاقی عملی

بعض مقاتل میں یہ شعر بھی ہے۔

اضربکم ضرب غلام بطل ویختم اللہ بخیر عملی

کہیں کہیں آخری مصرعہ یوں بھی دیکھا گیا ہے ع

اضربکم حتیٰ الاقی اجلی

میں ملک یمن اور قبیلہ بجلی کا جوان ہوں میرا مذہب وہی ہے جو حسینؑ ابن علیؑ کی تعلیم ہے اگر میں آج قتل ہو گیا تو میری تمنا ہے اور یہی آخری تجویز ہے۔ شہادت کے بعد اپنے اعمال سے ملاقات کروں گا۔ میں تمہیں اسی طرح تلواریں لگاؤں گا جیسے ایک بہادر نوجوان شمشیر زنی کرتا ہے اور یہی سب سے بہتر کارگزاری ہے۔ میں تم پر حملہ سے باز نہ آؤں گا جب تک کہ موت سے دوچار نہ ہوں۔

بوڑھے مجاہد نافعؒ کے رجز میں "غلام" کا لفظ نہیں ہے اگرچہ محقق طریحی نے اپنی لغت میں لکھا ہے کہ غلام کا لفظ پیر مرد پر بھی صادق آتا ہے۔

ویطلق الغلام علی الرجل الکبیر مجازاً باسم ما کان علیہ کما یقال للصغیر شیخا مجازاً باسم ما یئول الیہ (مجمع البحرین)

بوڑھے کو بھی اس کے جوانی کے دور ماضی پر نظر کر کے مجازاً غلام کہتے ہیں جیسے بچہ کے لئے مستقبل کے لحاظ سے مجازاً شیخ کہا جاتا ہے۔ جب حقیقت کا قرینہ پایا جائے تو مجاز کو اختیار کرنا فصاحت سے اعلانِ جنگ ہے۔ اگر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اس لفظ کا صحیح محل استعمال دیکھنا ہو تو رخصت علی اکبرؑ کے وقت مظلوم کربلاؑ کی دعا یاد کرو قد برز الیھم غلام اشبہ الناس۔ اب ان کی طرف وہ نوجوان لڑنے جاتا ہے جو سب سے زیادہ رسولؐ سے مشابہ ہے۔

رجز بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ ہلالؒ کا عالم شباب تھا اور ان کی قربانی بہت زیادہ قابلِ احترام ہے۔ غرض ہلال کی شہادت کربلا کی اس تپتی ہوئی زمین پر واقع ہوئی جسے مظلوم کربلاؑ کی ابدی آرام گاہ ہونے کا فخر حاصل ہے اور ان کا خونِ ناحق کربلا کی خاک کو رنگین کر کے زمین کے پاک کرنے میں شریک تھا۔ طبتم وطابت الارض التی فیھا دفنتم ان کی کامیابی کا آخری پہلو ہے۔

## شہیدِ کربلا کے غم میں سب سے پہلا مرثیہ

مرنے والے پر اشکبار ہونا اور اس کی یاد میں نوحہ انسانی ہمدردی کا وہ عملی مظاہرہ ہے جس کو عرب کی سنگدل اور جنگجو قوم ہمیشہ سے روا رکھتی تھی۔ عقبہ بن عیسیٰ پہلا شخص ہے جس نے کربلا کے شہیدوں کی قبروں سے گزرتے ہوئے یہ مرثیہ پڑھا: ؎

مررت علی قبر الحسین بکربلا — ففاضت علیہ عن دمعی غزیرھا

وما زلت ابکیہ وارثی لشجوۃ — ولیسعد عینی دمعھا وزفیرھا

وذا دیت من حول الحسین عصائبا — اطافت بہ من جانبیہ قبورھا

سلام علی اھل القبور بکربلا — وقل لھا منی سلام یزارھا

(الحسین صفحہ ۲۳۴ مؤلفہ علی جلال حسینی مطبع سلفیہ قاہرہ ۱۳۴۹ھ)

میں قبرِ حسینؑ کی طرف سے گزرا تو ان پر میری آنکھ سے آنسو جاری ہوئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اور میں اسی پر روتا ہی رہا اور مرثیہ پڑھا اور میری آنکھوں نے اشکباری اور دل نے نالہ و فریاد کی سعادت حاصل کی۔ اور میں نے ان مقدس ہستیوں کو پکارا جن کی قبریں مزار امام کے گرد ہیں۔ سلام خدا ہو دشت نینوا کی قبروں میں سونے والوں پر اور میرا بھی سلام قبول ہو۔ اس سلام میں ہلال بن نافعؓ بھی شریک ہیں۔

## دشمن کی زبان پر مظلوم کی مدح

مؤلف شہدائے کربلا نے اپنی کتاب کے حصۂ دوم میں ایک اور شبہ وارد کیا ہے جس کا جائزہ لینا بھی سیرت نگاری کا فرض ہے۔

پھر ایک ہلال کی وہ روایت ہے جس میں حضرت سید الشہداء کی تشنگی اور ہلال کا عمر سعد لعنؑ کی اجازت سے پانی پلانے کے ارادہ سے جانا اور اس طرف امامؑ کا شہید ہو جانا مذکور ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ ہلال عمر سعد لعنؑ کی فوج میں سے کوئی شخص ہے مگر اس کا بھی کوئی ثبوت نہیں ہے۔

(شہدائے کربلا صفحہ ۶۷ طبع امامیہ مشن ۱۳۵۷ھ)

مجھے اس رائے سے بھی اتفاق نہیں ہے کیونکہ کوفہ و شام کی ٹڈی دل فوج اور لاتعداد دشمنوں کا نام بنام جائزہ لینا ممکن نہیں۔ جس پلیٹ فارم پر کم از کم تیس ہزار خونخوار جمع ہوں اور اس کی کوئی فہرست سامنے نہ ہو اس پر طائرانہ نظر کر کے یہ کہنا کہ ہلال اس میں نہیں ہیں۔ میرے بس کی بات نہیں ہے سید علی بن طاؤس، ملا محمد باقر مجلسی المتوفی ۱۱۱۱ھ، سید ہاشم بحرینی المتوفی ۱۱۰۷ھ جدی العلام سید العلماء علیین مکان صاحب مجالس مفجعہ المتوفی ۱۳۲۷ھ سب ہی نے وجود ہلال کو مانا ہے۔ صرف اس کا پانی لے کر آنا تو بلند پایہ مقاتل میں نہیں ہے ورنہ ہلالؓ کے وجود میں کسی کو عذر نہیں ہے بلکہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



مدینۃ المعاجز میں تو روایت ہلال کو حضرت سید الشہداءؑ کا ایک سو انتیسواں معجزہ قرار دیا ہے۔ بنا بریں اس سے انکار لازم آتا ہے اور کوئی تعجب نہیں اگر لشکر مخالف میں شہدائے کربلا کا ایک ہمنام مع ولدیت موجود ہو۔

یہ بیان اس شخص کا ہے جس کے دل میں قتل کا ظالمانہ ارادہ تھا اور وہ دشمن ہوکر محو جمال ہوا۔ اس کی زبان پر امامؑ کے فضائل میں جو کچھ الفاظ جاری ہوئے وہ الفضل ما شہدت بہ الاعداء کا ایک نقشہ ہے اس نے فوج کے بے رحم ہونے کا اقرار کیا ہے۔

## فوج شام سے مجروح امام کی ثناء و صفت

ابن طاؤسؒ المتوفی ۶۶۴ھ فرماتے ہیں (ہلال بن نافع سے روایت ہے) اس کا بیان ہے کہ روز عاشور میں فوج عمر سعد لعین میں تھا۔ دفعتہً ایک شخص نے آواز دی اے امیر مبارک ہو شمر لعین نے حسینؑ کو قتل کیا۔ جب میں نے یہ سنا تو ان میں سے نکلا اور اس وقت ان کے قریب پہنچا جبکہ رمق حیات باقی تھی۔ فواللہ ما رأیت قتیلا قط مضمخا بدمه احسن منه ولا انور وجها ولقد شغلنی نور وجهه و جمال هیئته عن الفكرة فی قتله پس خدا کی قسم میں نے کوئی زخمی جو خون میں آغشتہ ہو ان سے زیادہ خوبصورت نہیں دیکھا اور نہ ان کے چہرہ کا ایسا نور دیکھا ان کے رخ تاباں نے قتل کی فکر سے مجھے باز رکھا اسی حالت میں بھی انہوں نے پانی مانگا تو میں نے سنا ایک مرد کہہ رہا تھا اے حسینؑ قسم خدا کی تم کو پانی نہ دیں گے۔ یہاں تک کہ تم (معاذ اللہ) جہنم کے گرم پانی سے اپنی پیاس بجھاؤ۔ میں نے سنا کہ حسینؑ جواب میں کہہ رہے تھے انا الا ارد لحامیہ ولا اشرب من حمیمھا الا ایھا الملعون بل ارد علی جدی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و اسکن معہ فی دارہ فی مقعد صدق عند ملیک مقتدر[1] و اشرب من ماء غیر آسن و اشکو الیہ ما ارتکبتم منی و فعلتم بی۔ نہیں اے ملعون بلکہ میں اپنے جد بزرگوار کی خدمت میں باریاب ہو کر جوار رحمت آلہی میں میری جگہ ہے اور میں اس پانی سے سیراب ہوں گا جس میں ذرا بو نہیں اور ان ظالموں کی شکایت کروں گا جو تم نے مجھ پر کیئے قال فغضبوا باجمعھم حتی کان اللہ لم یجعل فی قلب احد منھم الرحمة شیئًا فاجتز راسه (ان باتوں کا یہ اثر ہوا کہ) دشمن لوٹ پڑے اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ ان میں کسی ایک کے دل میں بھی رحم نہیں ہے سب نے مل کر قتل کیا اس وقت بھی وہ ہدایت کے کلمات کہہ رہے تھے مجھے فوج کی بے رحمی سے حیرت ہوئی۔

(۱) دیکھو مدینة المعاجز صفحہ ۲۴۱ (۲) مجالس مفجعہ
(۳) مثیر الاحزان ابن نما صفحہ ۴۲ (۴) مثیر الاحزان اللھوف
عبد علی بن حسین آل عصفور صفحہ ۱۷۳

سید آ... الطیف ۹۲ھ، پوسٹ نمبر ۸ - C1

---

[1] یہ آیہ کریمہ شان حضرت علی میں نازل ہوئی ہے۔
(۱) مطالب السئول صفحہ ۸
(۲) ارجح المطالب صفحہ ۱۰۴
(۳) مناقب المرتضیٰ شاہ علی حیدر کاکوروی صفحہ ۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# سیرت ہلالؑ کے سبق آموز پہلو

خاتمۂ بیان میں اس بات پر محترم ناظرین کو متوجہ کرنا ضروری ہے کہ اس سوانح حیات کے مطالعہ سے ہم کو کیا سبق ملتا ہے۔

(۱) ماں باپ کو اولاد کے نام رکھنے میں عقل و دانش سے کام لینا چاہیئے اور لغو بے معنی ناموں سے پرہیز ضروری ہے۔ اسی طرح وہ نام بھی نہ رکھے جن کو شریعت کی طرف سے بہت برا سمجھا گیا ہے مثلاً حکیم، حکم، خالد، مالک، حارث ان ناموں کو بطورِ کنیت استعمال کرنا بھی بہتر نہیں ہے۔ نیز جس کا نام محمد ہو اس کی کنیت ابوالقاسم نہ رکھنا چاہیئے اور ابوعیسیٰ بھی کنیت نہ ہو۔ بہترین نام پیغمبروں اور اماموں کے نام ہیں۔ یا وہ نام جن سے عبدیت ثابت ہو عبدالکریم عبدالرحیم وغیرہ۔ حدیث میں وارد ہوا ہے انکم تدعون یوم القیامۃ باسمائکم واسماء ابائکم فاحسنوا اسمائکم۔ تم قیامت کے دن نام اور ولدیت کے ساتھ پکارے جاؤ گے۔ پس اپنے ناموں کو اچھا قرار دو۔

(۲) شناوری (پیرنا) اچھی صفت ہے۔ ماہر فن اور استاد شفیق سے حاصل کرنا موجب ثواب ہے۔

(۳) تیراندازی کا رواج اگرچہ اس وقت نہ ہو مگر اس فن کے اچھے ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ انبیاء و اوصیاء کے استعمال میں تیر و کمان تھی۔ ان کی پیروی ہر شخص کے لئے اسوۂ حسنہ ہے۔

(۴) پانی پلانا خواہ کافر کو بھی کیوں نہ ہو بہترین صفت ہے۔

(۵) تیسری تاریخ کا چاند دیکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۶) جب مذہب پر آنچ آجائے تو جان عزیز نہ کرے۔ جناب امیرالمومنینؑ کا ارشاد ہے:۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اذا حضرت بلیۃ فاجعلوا اموالکم دون انفسکم واذا نزلت نازلۃ فاجعلوا انفسکم دون دینکم۔ جب کوئی مصیبت آجائے تو اپنے مال کو نفس کا صدقہ قرار دو اور جب کوئی مصیبت آئے جس میں تمہارے دین پر بن جائے تو اپنی جان کو دین پر نثار کر دو۔

(۷) انسان کے لئے انجام بخیر ہونے کی دعا کرنا چاہیئے۔ صفین و جمل میں نافعؒ نے جو جہاد کیا تھا وہ ان کی نجات کے لئے کافی نہ تھا جب تک زندگی کے آخری لمحات میں بھی نصرتِ دین نہ کی۔

(۸) اگر نیت میں خلوص اور ارادہ میں پختگی ہے تو اہم سے اہم مصیبت اور سختی کا نتیجہ خوشگوار ہو سکتا ہے۔ ظالم حکومت چاہتی تھی کہ اصحاب الاخدود کو نذرِ آتش کر دے مگر خدا نے بچایا اور ستمگار خود ہلاک ہوئے ؎

آج بھی ہو جو ابراہیمؑ کا ایماں پیدا
آگ کر سکتی ہے اندازِ گلستاں پیدا

(۹) قرآن مجید پڑھتے رہنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ افسوس ہے کہ آج پانچ فیصدی بچے بھی قرآن پڑھ کر فارغ نہیں ہونے پاتے کہ ان کو دنیاوی تعلیم شروع کرا دی جاتی ہے۔ مسلمانوں کے انحطاط کا سب سے بڑا راز یہی ہے کہ ان کی مسجدیں ویران، عالم گوشہ نشین، قرآن رحل پر گرد آلود جزدان میں پھر بھلا وہ شاہراہِ ترقی پر کیونکر آ سکتے ہیں۔

(۱۰) حق کی تلاش میں کوشش انسان کا سب سے بڑا فریضہ ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو کوفہ کی ناکہ بندی ہلالؒ کے واقعہ کربلا میں پہنچنے میں سد راہ تھی مگر یہ عذر ان کے لئے کافی نہیں ہوا اور رکاوٹ ہوتے ہوئے پہنچ گئے۔

(۱۱) اس سیرت سے امانت داری کی بھی ایک بلند مثال سامنے آتی ہے۔ اگر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



تا فتحؑ کا بیش قیمت گھوڑا جس کے سپرد ہوا تھا وہ مرکز پر نہ پہنچاتا تو کھلی ہوئی خیانت تھی مگر لانے والے نے ایمانداری سے کام کیا۔ پیغمبر خداؐ کی حدیث ہے

اقربکم منّی غدا فی الموقف اصدقکم للحدیث و اداکم للامانۃ و احسنکم خلقا (مجموعہ ورام)

کل بروز قیامت تم میں مجھ سے سب سے زیادہ وہ شخص قریب ہوگا جو بات چیت میں تم سب سے زیادہ سچا اور امانت داری میں سب سے زیادہ امین اور تم میں سب سے زیادہ خلیق ہوگا۔

(۱۲) تبلیغ دین میں جبر نہیں ہے اور کسی کو مجبور کر کے مسلمان بنانا رسولؐ کا شیوہ نہیں ہے۔

(۱۳) محبت اہلبیتؑ اور دشمنانِ دین سے بیزاری زندگی کے دو اہم پہلو ہیں جن پر عمل ضروری ہے۔

(۱۴) ارادہ اس قدر پختہ ہو کہ بڑھاپا سدِراہ نہ ہو۔

(۱۵) مصلحت وقت پر نظر ضروری ہے۔ شامی نے صفِ دشمن سے نکل کر امامؑ کی شان میں جب نازیبا الفاظ کہے اس وقت نافعؒ کے لیے صبر یا اخلاق کا موقع نہ تھا۔ تحمل اور بردباری کو خیرباد کہہ کر نیزہ سے جواب دیا۔ کلوخ انداز را سنگ صحیح ہے مگر وقت کی نزاکت کو دیکھنا بھی ضروری ہے۔

(۱۶) زندگی کی آخری گھڑی میں بھی حبِ وطن کو نہ بھولے۔ قبیلہ کا نام بتانا اپنے وطن کا تعارف تھا۔ ایک وقت وہ تھا کہ مسلمان اگر وطن چھوڑتے تھے تو جنت کا رُخ ہوتا تھا اور ایک زمانہ آج ہے کہ محبتِ وطن دل میں باقی نہیں ہے۔ نبوی حدیث حب الوطن من الایمان بھول گئے۔ دیس کی محبت ایمان کے جذبہ سے ہے۔ (نان و حلوا و معراج الکلام ص۱۹)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



(۱۷) جلد بازی اچھی شئے نہیں ہے مگر قرض کی ادائیگی اور مہمان کے سامنے کھانا لانا۔ گناہ سے توبہ، لڑکی کی شادی یا دفن میت میں عجلت منصوص ہے بلکہ ہر نیک کام میں پھرتی ممدوح ہے۔ امام محمد باقرؑ کا ارشاد ہے من ھم بشیٔ من الخیر فلیعجل فان کان شی فیہ تاخیر فان للشیطان فیہ نظر۔ جو کسی اچھائی کا ارادہ کرے تو اس کو چاہیئے کہ جلدی کرے اس لئے کہ جس امر خیر میں دیر واقع ہوتی ہے اس میں شیطان کے لئے ایک موقع ہے کہ سد راہ ہو۔ ہلالؓ سمجھتے تھے کہ گیا وقت ہاتھ نہیں آتا اس لئے مرنے میں دوسرے اصحاب پر سبقت کی۔

(۱۸) جنگ سے بھاگنا بڑی قابلِ نفرت بات ہے۔ اگر وقت پڑ جائے تو میدان نبرد میں جان کام آنا سعادت ابدی ہے۔ جہاد سے فرار وہ گناہِ عظیم ہے جس پر قرآن نے عذاب کا وعدہ کیا ہے۔ یا ایھا الذین اٰمنوا اذا لقیتم الذین کفروا زحفاً فلا تولوھم الادبار ومن یولھم یومئذ دبرہ الا متحرفاً لقتال او متحیزاً الی فئۃ فقد باء بغضب من اللہ وماواہ جھنم وبئس المصیر۔ (سورۂ انفال ع ۱۶ پ ۹)

اے ایمان والو! جب تم سے لڑائی گتھ جائے تو دشمن کی طرف پیٹھ نہ پھیرنا اور اس شخص کے سوا جو لڑائی کے واسطے کترائے یا کسی دستہ سے ملحق ہو۔ اگر دشمن کو پیٹھ دکھائے گا تو وہ غضب خدا میں آ گیا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے۔

(۱۹) عیش و عشرت کی منزل ایک تندرست مرد کے لئے عورت سب سے زیادہ محبوب شے ہے اور واقعات عالم شاہد ہیں کہ اس کی بدولت نفس کے بندے جان، مال، عزت قربان کر دیتے ہیں لیکن سیرت ہلالؓ سے یہ سبق ملتا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کہ ناموسِ مذہب کے سامنے عورت کا خیال دماغ میں رہنے نہ دیا جائے اور مذہب کا ایسا والہ و شیدا ہو کہ رفیقہ حیات سے منہ موڑے اور عروسِ مرگ سے ہم آغوش ہو۔

(۲۰) اپنے دورِ حاضر کی سیاست سے واقفیت بھی ضروری ہے۔

(۲۱) موت سے محبت بہادر کا سب سے پہلا کام ہے۔

(۲۲) مصیبت زدہ خواتین سے ہمدردی ضروری ہے۔

(۲۳) تنظیم بہترین صفت ہے۔

(۲۴) اپنے مجمع میں کسی کو قائد سمجھ لینا دلیلِ عقل ہے۔

بل ابروؤں پہ دل عزم انساں سے خالی ؏ باندھے ہیں ہلال بجلی تیغِ ہلالی

عزیز المتوفی سنہ ۱۳۵۳ھ

# خاتمہ کلام

## بازار کوفہ میں سوگوار بہن کا دل ہلا دینے والا نوحہ اور بھائی کو ہلالؑ کا خطاب

زبانِ عرب کی تخلیق جس گھرانے سے ہوئی وہ اگر اوقاتِ مصیبت میں بے ساختہ نوحہ پڑھے تو اس کلام موزوں کو شعر و سخن میں شمار کرنا ان کی شان و صفت نہیں ہے اور شانِ اہل بیتؑ اس سے برتر ہے کہ ہم انہیں شاعر کہیں۔ خاتونِ جناں فاطمہ زہراؑ نے مدینہ میں باپ کا مرثیہ پڑھا اور ثانی زہراؑ بھائی کا نوحہ پڑھتی ہیں۔ یہ وہ وقت ہے کہ کوفہ کے بھرے ہوئے بازار میں دشمن مظلومِ کربلاؑ کا سر بریدہ ناقہ جناب زینبؑ کے قریب لے آئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ وقت یاد آیا جو عہد امیر المومنینؑ میں اسی کوفہ میں جناب زینبؑ کا تھا۔ خلیفۃ المسلمین کی دختر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



عاصمہ (دارالسلطنت) عراق میں اسیر ہے یا اس غیر معمولی اثر کا یہ سبب ہو کہ یہ بھی واقعہ ہے سر شہداء صندوق میں بند بھی رہتے تھے۔ اچانک سر برادر پر نظر پڑی اور سر زینبؑ بھی چوب محمل سے ٹکرا کر زخمی ہوا اور غمزدہ بہن نے بھائی کے سر سے خطاب کیا۔

یا ھلالاً لما استتم کمالاً غالہ خسفہ فابدا غروبا

اے چاند امامت کے ابھی تو کمال کو بھی نہ پہنچا تھا کہ گہن لگ گیا اور غروب ہوگیا

ما توھمت یا شقیق فوءادی کان ھذا مقدرا مکتوبا

اے میرے شفیق بھائی مجھے تو وہم بھی نہ تھا کہ قلم قدرت نے (محضر شہادت) یوں لکھا ہے

یا اخی فاطمۃ الصغیرۃ کلمھا فقد کاد قلبھا ان یذوبا

بھیا فاطمہ تو بہت چھوٹی ہے اسی سے کچھ بات کیجئے اس کا دل پھٹا جاتا ہے

یا اخی قلبک الشفیق علینا ما لہ قد قسی وصار صلیبا

اے بھائی آپ تو ہم پر زیادہ سے زیادہ شفقت کرتے تھے وہ توجہات کیوں نہ رہے یہ کیا ہوا

یا اخی لو تری علیا لدی الاسر مع الیتم لا یطیق وجوبا

اے بھائی اگر آپ علی (بن الحسینؑ) کو دیکھتے جو بیماری اور بے پدری کی مصیبت کے ساتھ قید بھی ہے۔

کلما اوجعوہ بالضرب نادا ک بذل تفیض دمعا مسکوبا

اس (صابر فرزند پر) جب یہ ظالم تازیانہ لگاتے ہیں تو وہ بڑی بیکسی سے آنسو بہا کر آپ کو پکارتا ہے۔

یا اخی ضمہ الیک و قربہ و سکن فوءادہ المرعوبا

اے بھائی اس کو گلے سے لگا لیجئے اور دور نہ رہیے اور اس کے دہلے ہوئے دل کو تسکین دیجئے

ما اذل الیتیم حین ینادی بابیہ ولا یراہ مجیبا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



کیسی بیکسی میں ہیں وہ بے پدر بچے جو باپ کو پکارتے ہیں تو کوئی جواب دینے والا نظر نہیں آتا۔

(۱) اخبار الاحزان و اثار الاشجان عربی محمد رضا کشمیری صفحہ ۹۴

(۲) ناسخ التواریخ جلد ۶ صفحہ ۳۲۶ طبع بمبئی

(۳) شیر احزان الملہوف عربی صفحہ ۱۸۶

(۴) موسع الغموم جلد دوئم صفحہ ۴۰ مطبع جعفری

(۵) تحفتہ الناصریہ فی الفنون الادبیہ صفحہ ۶۴ تالیف ابو القاسم بن الحاج محمد ابراہیم الرشتی الاصفہانی۔

(دفع اشتباہ) اس بیان میں یہ شبہ ہے کہ ایک طرف تو ذاکرین اسیری اہلبیتؑ میں پڑھتے ہیں کہ مخدرات عصمت شتر برہنہ پر سوار تھیں اور اس حکایت میں چوب محمل پر سر دے مارنے کا ذکر ہے۔ یہ اختلاف بیان نہیں ہے بلکہ کربلا سے کوفہ اور شام تک مختلف مقامات پر اونٹ بدلے جاتے تھے اور یہ طویل راستہ ایک سواری پہ طے نہیں ہوا۔ مختلف سواریاں تھیں چنانچہ پانچویں امامؑ کی وہ روایت جس میں آپ نے امام زین العابدین علیہ السلام کی زبانی اسیری کا حال بیان کیا ہے اس روایت میں ہے حملی علی بعیر یظلع بغیر وطاء و راس ابی علی علم ونسوتنا خلفی علی بغال و حولنا الرماح۔ (اے فرزند) مجھے ایسے شتر پر سوار کیا تھا جس پر کجاوہ نہ تھا اور میرے بابا کا سر مبارک ایک نشان پر تھا اور پشت پر عورتیں ہماری پست سواریوں پر تھیں اور نیزہ دار گھیرے ہوئے تھے۔

## زینبؑ نے سر برادر کو ہلالؑ سے کیوں تشبیہ دیا؟

سوال یہ ہے کہ جناب زینب سلام اللہ علیہا نے جو وارث فصاحت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



امیر المومنینؑ تھیں سر بردار کو ہلال سے کیوں تعبیر کیا اس کی حسب ذیل وجوہ ہو سکتی ہیں :-

(۱) ہلال ایک جزء ہوتا ہے چاند کا اور اس ٹکڑے میں وہ سب موجود ہے جو پورے قرص میں ہے اس کو اصل سے جدا نہ سمجھو تم نے اپنے نزدیک سر و جسم کو جدا کیا ہے حیات شہداء کے لحاظ سے وہ متحد ہے جس طرح ہلال قطع شدہ جزء نہیں ہے چاند کا اسی طرح مظلوم کربلاؑ کے سر و جسم میں خنجر قاتل حائل ہو گیا ہے اور یہ تشبیہ ماخوذ ہے اس قول نبوی صلعم سے جس میں حضورؐ نے فرمایا ہے کہ نبوت آفتاب ہے اور امامت ماہتاب ہے۔ (دیکھو مناقب ابن شہر آشوب وغیرہ)

(۲) نام حسینؑ اور شور گریہ توام ہے ادھر زبان پر نام آیا ادھر صدائے شیون بلند ہوئی سے

از سر چیز آید صدائے شور و شین کربلا و زینبؑ و نام حسینؑ

بنا بریں تعبیر مذکور ماخوذ ہوتی ہے خود قول امام انا قتیل العبرة[۱] سے میں کشتہ گریہ ہوں۔

(۳) چاند دیکھتے وقت کتنے لوگ ہیں جن کو نظر نہیں آتا حالانکہ وہ افق پر موجود ہوتا ہے یہی حال ذات مظلوم کربلاؑ کا ہے تعصب اور اختلافات کی گھٹاؤں میں بعض ایسے ہیں جو ان کو پہچان نہیں سکے۔

(۴) یہ سیرت زینبؑ ماخوذ ہے عمل رسول صلعم سے کہ وہ بحکم "نادِ علیاً"[۲] بھائی کو جنگ میں پکارتے ہیں اور مظلوم کربلاؑ لاش علی اکبرؑ پر پہنچتے وقت یا علی یا علی ابن[۳]

---

۱؎ ناسخ التواریخ بحوالہ امالی صدوقؒ و کامل الزیارت وغیرہ ص۱۸۵ طبع بمبئی

۲؎ دیکھو فواتح میبذی ص۱۱ و احسن الانتخاب فاضل کاکوروی ص۸۳

۳؎ مجالس علویہ مولانا میر سید علی سلطان المحدثینؒ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اَنۡتَ کہتے ہوئے آگے بڑھے۔ یہ رد ہے اس طبقہ کی جو کہتا ہے کہ پیغمبرؐ کو یا رسول اللہؐ کہہ کر نہ پکارو حالانکہ قرآن میں یا ایّھا المزمّل موجود ہے۔

(۵) ولادت مظلوم کربلاؑ سویم ماہ شعبان ہے جو ہلالِ نو کی آخری تاریخ ہے ممکن ہے اسی لئے ہلال کہا ہو۔

(۶) بہ لحاظ معانی ہلال کی عمر سہ روزہ ہے اور تیسری کے بعد چاند ہلال نہیں رہتا ممکن ہے کہ تین دن کی بھوک اور پیاس اس استعمال کا سبب ہو یا تین دن تک لاش کے بے گور و کفن رہنے پر اشارہ ہو۔

(۷) جو مرنے والے عمر طبعی کو پہنچ کر دنیا چھوڑتے ہیں وہ ایک حد تک منازلِ سن و سال پورے کر چکے ہیں ممکن ہے کہ اس سے اشارہ امام کی ۵۷ سالہ عمر ہو جو عمر طبعی سے پہلے کی حد تھی۔

(۸) شہادت حسینؑ آغازِ حسینیت کی منزل ہے اور ہلال جس طرح مستقبل میں رفتہ رفتہ بدر ہو کر کامل ہوتا ہے اسی طرح واقعۂ کربلا کو جتنے دن گزرتے جائیں گے عظمتِ حسینؑ میں اضافہ ہو گا۔

(۹) ہلال کہنے میں مسئلہ رجعت کی طرف بھی اشارہ ہے اور زمانہ رجعت میں امام مظلومؑ بدر کامل ہوں گے۔

(۱۰) قرآنی فیصلہ ہے کہ ہلال سے اوقات کی حد بندی ہوتی ہے اور دوسری آیت میں ہے کہ مہینوں کی معرفت "دین قیم" ہے ذات مظلوم کربلاؑ نے ساری دنیا کو وقت شناس بنایا جو مغرب زدہ طبقہ اپنے بزرگوں کے وصال کی تاریخیں جنوری، فروری، مارچ انگریزی مہینوں میں بتاتا ہے جس کے تعطیلات نظام شمسی پر قائم ہیں جو انگریزی پہلی کو تنخواہیں بانٹتا ہے جس سے پوچھو کہ آج کون سی تاریخ ہے تو وہ قمری مہینہ کے نام بھول گیا ہے۔ وہ عیسائیت نواز گروہ بھی محرم کا نام جانتا ہے

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



بلکہ کوئی قوم ایسی نہیں جو محرم کو نہ پہچانتی ہو۔ عہدِ مغلیہ کا شاعر حیدر طوطبیائی کہتا ہے ؎

ماہ محرم آمد و شد گریہ فرض عین گریم خوں بیاد لب تشنہ حسینؑ

اسی قرآنی خدمت اور تاریخی احسانات پر خواجۂ خواجگان اجمیر رحمت اللہ علیہ نے فرمایا "دین است حسینؑ" اور عہدِ آدمؑ سے جو اعلان برتری کے خلاف طاغوتی اقدام تھا کہ ہم صفی اللہؑ کو سجدہ نہ کریں گے اس کو حسینؑ نے اقوامِ عالم سے کہلوایا۔ "امام حسینؑ" ہر ماتم دار اُن کو امام حسینؑ کہتا ہے۔

(۱۱) شعر عموماً وقتی حالات کی تصویر کشی کرتا ہے اور جو مفکرین کہتے ہیں کہ اشعار سے تاریخ کی تدوین ہوتی ہے وہ ٹھیک ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ بازارِ کوفہ میں حسینؑ کا سر لاتعداد حاضرین کا مرکزِ نگاہ ہو رہا تھا۔ اس ہوشربا منظر نے شاہزادی کو ہلال کہنے پر تیار کیا۔

(۱۲) جو صلاحیتیں لے کر معصوم پر تبلیغ ہوا اور اس کو جد و جہد کا موقع بھی ہاتھ آئے تو پھر اس کی بلندی نہ پوچھو وہ فرشِ زمین پر نظر آنے والی ہر شے سے ممتاز ہے۔ اس کی تمثیل آسمان کے تاروں سے بھی درست نہیں اسی کو چاند کہو تو زیبا ہے۔ اسی بلندیٔ درجات کا پھل ہے۔

یادداشت:۔ علم الاعداد کی روشنی میں اگر ہم ثانیٔ زہراؑ کی ندا کو سنتے ہیں تو (ھلالاً) کے بحساب جمل ۶۷ عدد ہیں اور ۶۷ھ سنہ ہجری وہ سال تھا کہ قاتلانِ حسینؑ چن چن کر مارے جا چکے تھے اور مختارؒ کی حکومت ختم ہوئی تھی۔ یہ نکتہ بھولنا نہ چاہیے۔ مختارؒ کے ولولہ انگیز جہاد ہم نے "مختار آلِ ہاشم" میں صرف علماءِ اسلام کی بلند پایہ تواریخ سے قسطوں میں اخبار شیعہ لاہور کے صفحات میں شائع کیے ہیں۔ کاش یہ کتابی شکل میں آئیں۔ وھو حسبی و نعم الوکیل۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



## منظوم سوانح عمری

# ہلال ابن نافعؒ

از نتیجۂ فکر:۔ جناب مولوی شبیر حسن صفا الہ آبادی

جو رتبۂ ہلالؒ سے واقف نہ ہو سکا — ایمان اپنا اس نے مکمّل نہیں کیا
رتبہ صحابیوں میں بصد شان پا گئے — خدمت سے آلِ پاک کے عبدِ خدا ہوئے
ملکِ یمن میں آپ کے اجداد رہتے تھے — اور خاندان بجلی انہیں لوگ کہتے تھے
نام ہلال رکھنے کا یہ ہو گیا سبب — رہتی ہیں عورتیں جو زچہ خانہ میں عرب
سب سے جو پہلی چیز نظر آتی ہے انہیں — بس اُس کے دیکھ لینے پہ پھر نام رکھتے ہیں
ماں باپ اُن کے رہتے ہیں ہر دم فدائے شاہؑ — ہر وقت چاہتے ہیں سنیں بس صدائے شاہؑ
دیکھا تھا پہلے چاند کو رکھا ہلال نام — اس طرح سے ہوئے یہ پسندیدۂ عوام
ماہ رجب کی سترہ سنہ چار ہے رقم — شنبہ کے روز پیدا ہوئے آپ صبحدم
تاریخ یہ بتائی ہوئی صابری کی ہے — چشتیہ خاندان کے اک ناصری کی ہے
جب راہ میں تھا قافلہ مولا حسینؑ کا — اُس میں ہوئے شریک ہلال قمر لقا
پہنچا نہیں تھا کربلا حضرتؑ کا قافلہ — یہ راستے میں ہو گئے مولاؑ پہ خود فدا
لشکر نے حُر کے آ کے کیا جس گھڑی نمود — آلِ عباؑ پہ چھا گیا رنج و الم کا دُود
تھے کربلا کی راہ میں مولائے دو جہاںؑ — کوفہ کے کچھ سوار دکھائی دیئے وہاں
شامل ہلالؒ بھی تھے سواروں میں خوش نصیب — بولے جو کچھ کہوں گا وہ مولاؑ ہی کے قریب
حالات کوفہ اُن سے لگے پوچھنے امامؑ — اُن سے ہلالؒ نے یہ کہا کیا کروں کلام
ابنِ زیادؑ مالکِ کوفہ بنا ہے آج! — حاکم بنا ہے لوگوں پہ اور کر رہا ہے راج

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



امرائے شہر قابو میں ہیں اُسکے سب تمام
تلواریں سب کی خوں کی پیاسی ہیں ایکدم
مسلمؑ بھی قتل ہو گئے ہانیؓ ہوئے شہید
معلوم تم کو حال ہے میرے سفیر کا
کی عرض وہ بھی قتل ہوئے آہ بے خطا
حضرت نے انا للہ دوبارا ادا کیا
مرنے کا اُس کے شاہ کے دل پر اثر ہوا
پروردگار میرے میرے شیعوں کے لئے
قادر ہر ایک شئے پہ ہے اے ربِ بے نیاز
دادا کا نام بیٹے کے منصب پہ لکھ گیا
پہنچے تھے کربلا میں امام حسینؑ جب
عصمت سرا سے نکلے بہ تشویش شہ دیںؑ
حضرت چلے اندھیرے میں میدان کی طرف
دیکھا ہلالؓ نے جو شہ دیںؑ کو راہ میں
تاریک شب ہے اور زمیں دیکھتے ہیں شاہؑ
دیکھا پلٹ کے اور کہا تم ہلالؓ ہو
یہ رات کی اندھیری ہے، دشمن سپاہ ہے
فرمایا اے ہلالؓ میں نکلا ہوں اس لئے
خیمے اسی جگہ پہ نصب ہوں با انتظام
فرما کے اس طرح سے بڑھے شاہ اتقیاؑ
فرماتے تھے زمیں پہ نظر کر کے برملا

جو ہیں غریب اُنکے ہیں دل خود ہی تشنہ کام
کرتے ہیں بیدریغ ہر اک سر کو وہ قلم
ہر دن کو یہ لعین سمجھتے ہیں یوم عید
وہ قیس ابن مسہرؓ نامی وہ باوفا
ابن زیاد لعؔ نے انہیں خود قتل کر دیا
بخشش کی اُس کے واسطے کی شاہؑ نے دعا
اُس باوفا شہید کی فردوس میں ہے جا
باغِ ارم میں خاص جگہ تو قرار دے
پڑھتے ہیں عبد تیرے اسی سے تری نماز
اس طرح سے عوام میں مشہور ہو گیا
سختی میں ساتھ دینے ہلالؓ آ چکے تھے تب
خطرہ میں ہر سپاہی پڑا تھا سوئے زمیں
ہر دم خیال رکھتے تھے ایمان کی طرف
تلوار لے کے آگئے پہلوئے شاہؑ میں
پستی پہ اور بلندی پہ رکھتے ہوئے نگاہ
کی عرض کس طرح نہ مجھے پھر ملال ہو
ہر سمت فوج گھیرے ہے مشکل یہ راہ ہے
ثابت کرے قیام بلندی پہ جا ملے
اس وجہ سے انہیں یہاں کرنا ہے اہتمام
دستِ حسینِ پاکؑ میں دستِ ہلالؓ تھا
یہ وعدہ گاہ ہے مرے مرقد کی ہے یہ جا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



فرمایا دو پہاڑیوں میں جا کے درمیاں — جاؤ اور اپنی جان بچاؤ بصد اماں
سن کر ہلالؓ قدموں پہ سر رکھ کے گر پڑے — اور عرض کی کہ میں نہیں چھوڑوں گا بے مرے
یہ اس کے شاہؑ خیمۂ زینبؑ میں آئے جب — مسند پہ خود بہن نے بٹھایا بصد ادب
آہستہ باتیں کرنے لگے شاہ دو جہاںؑ — آپس میں باتیں راز کی ہونے لگیں وہاں
عرصہ نہیں تھا گزرا کہ زینبؑ نے یہ کہا — مرقد کی جا بھی اپنے اخیاؑ کو دی بتا
ان عورتوں کے دل کی بھی ہے کچھ آپ کو خبر — نازک ہے مثل شیشہ کے ٹوٹ کر جا اگر
دیرینہ کینہ ہے یہ عداوت قدیم ہے — ان دشمنوں سے آپ کو صدمۂ عظیم ہے
روشن ہے آپ پر جو ہمارے دل پہ ہے اثر — صدمے سے ہاشمیوں کے ناسور ہے جگر
ان کے ضمیر کیسے ہیں کیا ان کا حال ہے — بے امتحان اس کا سمجھنا محال ہے
ڈر ہے مجھے حوالہ عدو کے نہ یہ کریں — نیزوں کی باڑ میں نہ کہیں لے کے ڈال دیں
اس وقت یہ گھٹائیں جو اٹھیں کی سر بسر — اس سخت امتحاں سے ممکن نہیں مفر
رونے لگے بہن کے سخن سن کے شاہ دیںؑ — فرمایا اے بہن مرے اصحاب وہ نہیں
ڈرتے نہیں یہ مرنے سے جانباز ہیں دلیر — پختہ ارادوں میں ہیں شجاعت میں مثل شیر
رکھتے ہیں موت سے یہ محبت بصد وفا — جس طرح بچہ دودھ سے ماں کے ہے آشنا
جس دم سنا ہلالؓ نے پُر درد ماجرا — رونے لگے حبیبؓ کے خیمہ کی سمت جا
جا کر کیا سلام تو پوچھا حبیبؓ نے — کیسے ہلالؓ آئے ہو اس وقت دیکھنے
جو حال تھا وہ کہہ دیا جا کر حبیبؓ سے — فرمایا بیٹھ جاؤ یہاں تم قریب سے
گر انتظار وقت نہ ہوتا نصیب میں — دکھلاتا میں بہادری وقت قریب میں
شہزادی جہاںؑ ہیں بہت سخت بیقرار — الفت کا ہم سبھوں کے نہیں انکو اعتبار
بولے کہ شہہؑ کو خیمۂ خواہر میں چھوڑا ہے — شہزادی کو ہجوم تفکر نے گھیرا ہے
بہتر ہے یہ کہ ہم در خیمہ پہ جائیں سب — تسکین ان کو دیکے الگ اجر پائیں سب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



انصار کو بلانے چلے ہر طرف حبیبؑ
سُن کر صدا کو سب بنی ہاشم نکل پڑے
سب ایک جا ہوئے تو کہا یہ حبیبؑ نے
لائے ہیں یہ ہلالؓ خبر خیمہ گاہ سے
شک ہو گیا ہے آلِ رسالتمآبؐ کو
تم لوگ اپنے عہد و وفا پر ہو یا نہیں
کہنے لگے حبیبؑ یہ احسان کم نہیں
حملہ کرے گی فوج تو سر کو کٹائیں گے
جب مطمئن حبیبؑ ہوئے ساتھ لے لیا
الغت ہماری کھوئی نہیں ہے خدا گواہ
یہ عہد نیزہ بازوں نے بھی دل میں ہے کیا
جس دم سُنی امامؑ نے پُرجوش یہ صدا
آواز دی تو آ گئیں سب بیبیاں تمام
آواز آئی پردۂ در سے با اضطراب
نانا رسولؐ پوچھیں گے جب تم سے حشر میں
جب ہم کریں گے اپنے مصائب وہاں بیاں
دلدوز جب صدائیں سُنیں سب تے برہلا
دیکھا نہ تھا کسی نے کبھی ایسا اضطراب

اور دوسری طرف کو ہلالؓ بلا نصیب
سب مطمئن تھے ان کی وفا پر کھڑے رہے
شبیر و بہادری نہ کہیں کوئی چھین لے
شہزادی مضطرب ہیں عدو کی سپاہ سے
تکلیف میں نہ ڈالیں بنی بوترابؑ کو
تیغیں کھینچیں سروں سے عمامے گرے وہیں
یہ دن نصیب ہم کو ہوا شاہؑ سے بالیقیں
اور خونِ دل کو شوق سے اپنے بہائیں گے
خیمہ کے گرد جا کے صدا دی پئے خدا
سر کاٹ دیں گے آئے گی جس دم اِدھر سپاہ
نیزہ چبھو کے سینہ کو کر دیں گے زخم سا
شاباش اے مجاہدو دینے لگے دعا
سننے لگیں کلام مجاہد وہ تشنہ کام
اولادِ فاطمہؑ سے کرو دور یہ عذاب
تم کیا جواب دو گے وہاں ان کو حشر میں
اور ہر طرح سُنائیں گے رو رو کے داستان
کھا کر قسم ہر ایک نے ہنگامہ کر دیا
اس طرح غازیوں نے مکمل دیا جواب

گھوڑے بھی ہنہنانے لگے گردِ خیمہ کے
راکب کے دل کو اور بھی مرکب بڑھاتے تھے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# صبح عاشور اور ہلال کا عہد

ترتیب فوج ہو چکی جس وقت شاہ کی
آنے لگیں صدائیں ہر اک سمت واہ کی

لشکرِ خدا ہلالؓ بھی سردار ہو گئے
فوجِ خدا کے رن میں علمدار ہو گئے

نام اُن کا تھا ہلالؓ مگر حسن تھا کمال
بس چودھویں کے چاند کی مانند تھے ہلالؓ

تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا شادی کئے ہوئے
ہمراہ اپنے جاتے تھے زوجہ لئے ہوئے

چکھا نہیں تھا شربتِ ازدواجِ زندگی
معبود کی خوشی میں کمر اپنی باندھ لی

دامن کو آ کے پکڑا عروسِ نزار نے
لڑتے نہ جاؤ جان بچاؤ فشار سے

کہنے لگے عروس سے نادان دور ہو
ایسا نہ ہو کہ ہم سے عبث کچھ قصور ہو

دنیا سے بھر گیا ہے میرا دل بصد سرور
شہزادے ہیں حسینؑ مرے جاؤں گا ضرور

نصرت کروں گا جان بھی صدقے کروں گا میں
اُلفت میں اس جناب کے لڑ کر مروں گا میں

بعہد محبت وفا می کنم
بخاک درش جان فدا می کنم

جس دم سنی حضور نے تقریر پُر ملال
فرمایا ہیں پریشان زیادہ ترے عیال

منظور یہ کسی طرح ہرگز نہیں مجھے
ہو ایک دوسرے میں جدائی کا غم تجھے

پیمان و عہد حکم مودت ضرور ہے
مولائے دو جہاں کی اطاعت ضرور ہے

بولے ہلالؓ رشتۂ الفت کو توڑ کے
جاؤں کہاں میں آپ کو آفت میں چھوڑ کے

عیش و طرب میں پڑ کے کروں زندگی بسر
لیکن نہ آخرت پہ رہے پھر مری نظر

روزِ جزا رسولؐ کو دوں گا میں کیا جواب
کیا عذر اس کے سامنے ہو گا میرا جناب

یہ کہہ کے حکم اذن لیا تشنہ کام سے
میداں کی طرف چلے حکمِ امامؑ سے

فولاد کا تھا خود کلف مثل ماہتاب
خورشید کی طرح سے چمک اس کی لاجواب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



اِک گول ڈھال پشت پہ اپنے لگالیا — ترکش میں تیر جتنے تھے اُن سب کو بھر لیا
وہ تیر سب بجھائے ہوئے زہر میں تمام — رنگ زمردی تے دکھائے تھے اپنے نام
مثلِ عقاب اُڑنے کو تیار ہو گئے — بجلی گرے گی جلد یہ آثار ہو گئے
تلوار تھی یمن کی جو جوہر دکھاتی تھی — دشمن کے خون کو اپنی نظر سے بہاتی تھی
تیر افگنی میں اپنی یہ ثانی نہ رکھتے تھے — پیہم نظر سے اپنی یہ بجلی گراتے تھے
رکھ کر کماں پہ تیر نظر اس پہ رہتی تھی — سوفار سے ظفر ہی کی آواز آتی تھی
بجلی کی طرح دوڑ کے میداں میں آگئے — مانند ماہ روشنی پھیلا کے چھا گئے
پڑھنے لگے فصیح رجز اور یہ کہا — آئے مقابلہ کو کوئی زور آزما
اِک قیس نامی پہلوان میدان میں آگیا — شکلِ عقاب تیر بھی پر تولنے لگا
ناوک کی زد میں قیس بدانجام آگیا — اُس کی سپر فضا میں وہ خود سر زمیں پہ تھا
لشکر یہ رنگ دیکھ کے حیران ہو گیا — ایسا ڈرا کہ کوئی نہ نکلا پئے وغا
فوراً ہلالؒ قلب پر لشکر کے جا پڑے — افسر کو تیر مارا الگ جا کھڑے ہوئے
ترکش میں اُن کے تیر تھے اسّی گنے ہوئے — ہر ایک تیر سے ہوئے زخمی بڑے بڑے
تلوار کھینچی جبکہ ہوئے تیر سب تمام — جوہر نمائی کرنے لگی تیغ بے نیام
دشمن کے سر کٹے نظر آتے تھے چار سُو — چاروں طرف سے وار لگے کرنے سب عدو
آخر کو رُوح پاک ہوئی جسم سے جُدا — آئی فلک سے ہاتفِ غیبی کی یہ صدا
ہے ہے شہید ہو گیا ناصر حسینؑ کا — شاباش اے ہلالؒ خوش انجام مرحبا
کرتا ہے اب صفا یہ سلام آپکو ہلالؒ — درجاتِ اعلیٰ آپنے پائے زہے کمال

ہو کر شہید راہِ خدا کام کر گئے
عالم میں آکے اچھی طرح نام کر گئے!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



# بابُ المراثی

## مرزا فصیح مرحوم المتوفی سنہ ۱۲۳۰ھ

یہ مژدہ سُن کے غازی نے شہادت کھیت میں پائی ؛ لڑے میدان میں پھر سبطِ نبی کے سارے مجرائی
سعید و سعد و حجاج ابن زید و مالک و قعنب ؛ نعیم و نافع و عمرو ضبعہ و عابس و شوذب
ہوئے مذکور جن کے نام یہ سب شہ کے ناصر تھے ؛ یہ غازی کربلا میں خدمت عالی میں حاضر تھے

## میر انیس مرحوم المتوفی سنہ ۱۲۹۱ھ

عابس کو غیظ لشکر بدخو پہ آگیا ۔ غصّہ سے بل ہلال کے ابرو پہ آگیا

## میر مونس مرحوم المتوفی سنہ ۱۲۹۲ھ

اے ابن قیس و ابن مظاہر مدد کو آؤ ۔ ہاں اے ہلال و وہب مسافر مدد کو آؤ

## نعشق المتوفی سنہ ۱۳۰۹ھ

کچھ تو جواب دو خلف بوترابؑ کو ۔ کیوں اے ہلالؒ تم نے بھی چھوڑا رکاب کو

## میر نفیس مرحوم المتوفی سنہ ۱۳۱۸ھ

سعد کے واسطے گہ اشکوں سے منہ دھوتے ہیں ۔ کبھی مالکؒ کبھی نافعؒ کے لئے روتے ہیں

## رفیع خلف اوج

دن دوپہر تھی چاند کی تنویر دوش پر ۔ جھوٹے ہلالؒ رکھ کے جو شمشیر دوش پر

(اطلاع : ) سید فراست حسین صاحب مرحوم زید پوری نے ہلال بن نافعؒ کے حال میں پورا مرثیہ نظم کیا ہے جس کا مطلع یہ ہے ؎

رن ہے روشن کہ ہلالؒ بجلی آتے ہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا صاحب العصر والزمان المدد

قسم خدا کی بڑا نیک کام کرتے ہیں
غمِ حسینؑ کا جو اہتمام کرتے ہیں

نام کتاب

# حسنِ حسینؑ

مرتبہ و مؤلفہ

## محمد وصی خان

شخصیت امام عالیمقام پر حیرت انگیز معلوماتی تحقیقی بے مثال۔ مضامین کا نایاب مجموعہ جس کو پہلی بار اس کتاب میں یکجا کیا گیا ہے۔ ہزاروں سال کی محنت ہزاروں سال کا نچوڑ اور ہزاروں روپیہ کی کتابوں سے حاصل کیا ہوا مواد

ناشر
رحمت اللہ بک ایجنسی
بالمقابل بڑا امام بارگاہ کھارادر کراچی ۷۴۰۰۰
فون 2431577

حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ

حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ شہید حسینؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com